★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 12 | سوموار 19 رمضان 1444ء 10 اپریل 2023ء 22 چیت 2079ب صفحات 8 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 298

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

رانا ثناء اللہ

عوامی طاقت سے عمرانی فتنے کی سیاست کو ہمیشہ کیلئے دفن کر دینگے

عمران خان نے چار سالوں میں ایک دن بھی ہم سے سلام نہیں لیا، کہتا تھا آئی ایم ایف جانے سے پہلے خودکشی کرلوں گا، کاش خودکشی ہی کرلیتا' ووٹ کی طاقت سے فتنے کو مائنس کرینگے

آئی ایم ایف کی بات نہ مانتے تو مرتے' حکومت انتہائی نامساعد حالات میں ملک کو سنبھال رہی ہے، جلد مشکلات پر قابو پالیں گے، وزیر داخلہ کا مختلف تقریبات سے خطاب

فیصل آباد (قوت بیورو) پاکستان مسلم لیگ ن پنجاب کے صدر اور وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ عوام کی طاقت سے سازشی عمرانی فتنے کی سیاست کو ہمیشہ ہمیشہ کیلئے دفن کر دیں، عمران خان نے چار سالوں میں ایک دن بھی ہم سے سلام نہیں لیا، کہتا تھا آئی ایم ایف جانے سے پہلے خودکشی کرلوں گا، کاش خودکشی ہی کرلیتا، اب ہم عمران خان کو ووٹ کی طاقت سے مائنس کریں گے عمرانی فتنے نے ملک کو تباہی کے کنارے لا کھڑا کیا، آئی ایم ایف کی بات نہ مانتے تو مرتے اور مانتے تو عوام متاثر ہو رہے ہیں، حکومت انتہائی نامساعد

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

پی ڈی ایم سیاست کو ذاتی دشمنی کا رنگ نہ دے' چودھری پرویز الٰہی

عارف علوی کا بل پر دستخط سے انکار ملکی آئین کے مطابق ہے' سابق وزیر اعلیٰ

لاہور (سٹاف رپورٹر' قوت) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی سے سیاسی رہنماؤں فاروق امان اللہ دریشک، درمحمد دریشک اور علی امان

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

الیکشن کمیشن کو مزید بااختیار بنانے کیلئے (1)57 اور 58 میں ترمیم کی سفارش

اسلام آباد (بیورو رپورٹ' قوت) الیکشن کی تاریخ اور الیکشن پروگرام میں تبدیلی سے متعلق

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

پارلیمنٹ سپریم جو فیصلہ کرے اسی پر عمل ہوگا، بالادستی یقینی بنانے کیلئے ارکین کا کسی بھی دباؤ میں نہ آنے کا اعلان' عدالتی اصلاحات کابل پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے منظور کروانے کی منظوری

وفاقی کابینہ اجلاس: الیکشن کمیشن کو فنڈز دینے کا معاملہ پارلیمنٹ لے جانے کا فیصلہ

شرکاء کی صدر پر کڑی تنقید' صدر کا کردار پی ٹی آئی کارکن جیسا ہو چکا، پارلیمنٹ سے منظور شدہ بل کو واپس بھجوانا بدقسمتی ہے،، وزیر اعظم شہباز شریف کا کابینہ میں اظہار خیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ' قوت) وفاقی کابینہ نے پنجاب میں عام انتخابات کیلئے الیکشن کمیشن کو فنڈز دینے کا معاملہ پارلیمنٹ میں لے جانے کا فیصلہ کیا ہے اور قرار دیا ہے کہ پارلیمنٹ سپریم ہے جو فیصلہ کرے اسی پر عمل ہوگا جبکہ سپریم کورٹ پریکٹس اور پروسیجر بل پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے منظور کروانے کی منظوری دے دی گئی ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)



نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی اعلیٰ سطح کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عمران خان نے حکومت کیخلاف لائحہ عمل طے کرنے کیلئے تنظیمی قیادت کا اجلاس آج طلب کرلیا

لاہور (سٹاف رپورٹر' قوت) چیئرمین

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

پنجاب حکومت نے چینی کی سمگلنگ روکنے کیلئے نئے نظام کا اجراء کردیا

دوسرے صوبوں کو چینی کی نقل وحمل کے لئے متعلقہ ضلع انتظامیہ کا پرمٹ ضروری ہوگا

لاہور (سٹاف رپورٹر' قوت) پنجاب حکومت نے چینی کی سمگلنگ روکنے کے لیے نئے نظام کا اجراء کردیا، دوسرے صوبوں کو چینی کی نقل وحمل کے

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)



اسلام آباد معاون خصوصی وزیر اعظم محمد طاہر محمود اشرفی جوائنٹ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں



اسلام آباد وزیر اعظم محمد شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں (فوٹو قوت)

چیف جسٹس ججز کی تقسیم کے خاتمے کیلئے متحرک الگ الگ ملاقاتیں

چیف جسٹس نے انتخابات کیس میں اختلافی نوٹ دینے والے ججز کو اپنے بنچ میں شامل کرلیا' ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ' قوت) چیف جسٹس عمر عطاء بندیال سپریم کورٹ میں ججز کی تقسیم کے خاتمے کیلئے متحرک ہوگئے، چیف جسٹس نے انتخابات کیس میں اختلافی نوٹ دینے والے ججز کو اپنے بنچ میں شامل کرلیا۔ ذرائع کے مطابق چیف جسٹس عمر عطاء بندیال سپریم کورٹ میں ججز کی تقسیم کے خاتمے کیلئے متحرک ہوگئے ہیں، ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ چیف جسٹس سپریم کورٹ جسٹس عمر عطاء

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)



وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے اکنامک انرجی بلال اظہر کیانی پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ملک بھر میں عید الفطر پر 4 سے 5 چھٹیاں ملنے کا امکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ' قوت) ملک بھر

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

رحیم چیلنج سازش کی کہانی آئین توڑنے تک آ پہنچی ہے، اسد عمر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ' قوت) پاکستان

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

عورتوں بچوں کو ڈھال بنا کر چھپنے والا بزدل ہوتا ہے

مریم اورنگزیب

آزادی کی جنگ لڑنے والا بزدل جو کالے ڈبے منہ پر پہن کر باہر نکلتا ہے، کرسی کی خاطر ملک کیخلاف سازش کی' وفاقی وزیر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ' قوت) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے عمران خان کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ غیر ملکی لابی فرمز کے غلام حقیقی آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں، بزدل وہ ہوتا ہے جو عورتوں اور بچوں کو ڈھال بنا کر خود چارپائی کے نیچے چھپ جائے۔ ایک بیان میں وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے عمران خان کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ اقتدار کی خاطر اپنی

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

چیف جسٹس سے محاذ آرائی میں انتہائی اقدام نہیں چاہتے، قمر زمان کائرہ

پنجاب میں قبل از وقت الیکشن سے عدم استحکام بڑھے گا جس کا ملک متحمل نہیں ہوسکتا



اسلام آباد (بیورو رپورٹ' قوت) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی چیف جسٹس سے محاذ آرائی میں انتہائی اقدام نہیں چاہتی، پیپلز پارٹی بس اتنا چاہتی ہے کہ چیف جسٹس فل کورٹ بنائیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے قمر زمان کائرہ کا کہنا تھا کہ ججز کے خلاف ریفرنس دائر کرنے کے لیے حکومت نے پیپلز پارٹی سے سرکاری سطح پر کوئی بات نہیں کی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی تحریک انصاف سے ڈیڈ لاک نہیں بلکہ ڈائیلاگ

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

حکومت کی عوامی عدالت میں جاتے ہوئے کانپیں ٹانگ رہی ہیں' عثمان ڈار

تجربہ کاروں' سہولت کاروں نے ملک کو ایک سال میں تباہی کے دہانے لا کھڑا کیا



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید، قوت) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما عثمان ڈار نے کہا ہے کہ تجربہ کاروں اور انکے سہولت کاروں نے ملک کو ایک سال میں تباہی کے دہانے لا کھڑا کیا ہے۔ انڈسٹری بند، لاکھوں بے روزگار اور اقتصادی شرح 6 فیصد سے گر کر 4.0 تک جا پہنچی، ایک سال قبل 9 اپریل کو عوام کے محبوب ترین لیڈر کو ہینڈلرز نے سازش سے ہٹا کر اسکی جگہ سسلین مافیا کو قوم پر مسلط کیا۔ عوام اور تاریخ نے ثابت کر دیا ہے کہ آپ کا ایڈمنسٹریٹر اور تجربہ کار

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

بدترین فاشسٹ حکومت چند ہی ہفتوں کی مہمان ہے، فواد چودھری

عوام کی لازوال جدوجہد لمبی سیاہ رات کے خلاف روشنی کا استعارہ ہے



اسلام آباد (بیورو رپورٹ' قوت) تحریک انصاف کے رہنما فواد چودھری نے کہا ہے کہ پاکستان کی بدترین فاشسٹ حکومت چند ہی ہفتوں کی مہمان ہے، عوام کی لازوال جدوجہد اس سیاہ رات کے خلاف روشنی کا استعارہ ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر ایک بیان میں سابق وزیر و رہنما تحریک انصاف فواد چودھری نے کہا کہ پاکستان کی بدترین فاشسٹ جنتا کا ایک سال، لمبی سیاہ رات جو آج سے ایک سال پہلے پاکستان کی روشنیوں کو ختم کرنے کیلئے آئی ابھی

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

علی امین گنڈاپور ایک روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے

عدالت نے آج انسداد دہشتگردی عدالت میں پیش کرنے کا حکم دیدیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ' قوت) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما علی امین گنڈاپور کو ایک روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا گیا اور حکم دیا ہے کہ ملزم کو انسداد دہشت گردی کی عدالت میں (آج) پیر کے روز پیش کیا جائے۔ اتوار کے روز وفاقی پولیس نے علی امین گنڈاپور کو ڈیوٹی مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کیا، دوران سماعت پراسیکیوٹر نے رہنما پی ٹی آئی کے 5 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی۔ علی امین کے وکیل بابر اعوان نے

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

سازش امریکہ نے نہیں بلکہ پی ڈی ایم کے لوگوں نے کی

عمران خان

لندن پلان ہے، ہم نہیں جیت سکتے' اس لئے ابھی الیکشن نہ کرائیں' ساری سازش باجوہ نے ایکسٹینشن کیلئے کی، بعد میں پتا چلا انہوں نے حسین حقانی کو میرے خلاف ہائر کیا

ہمارا وائٹ پیپر دکھانے کا مقصد ایک سال میں ہونے والی تباہی بیان کرنا ہے' 2018 میں حکومت سنبھالی تو 20 ارب ڈالر کا خسارہ تھا' چیئرمین پاکستان تحریک انصاف

لاہور (سٹاف رپورٹر' قوت) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان نے کہا ہے کہ میرے خلاف سازش امریکا نہیں ادھر سے ہی شہباز شریف کو لانے کیلئے کی گئی، ساری سازش باجوہ نے ایکسٹینشن کیلئے کی، بعد میں پتا چلا انہوں نے حسین حقانی کو میرے خلاف ہائر کیا۔ ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب کرتے ہوئے سابق وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ آج سے ایک سال پہلے میں اپنی ڈائری اٹھا کر وزیر اعظم ہاؤس سے نکلا، مجھے نکالنے کے پیچھے ایک بہت بڑی سازش تھی، میرے خلاف سازش نکالنے سے ایک سال پہلے شروع ہوئی، میں مڈل ایسٹ کے ایک سربراہ کو ملی رہا تھا تو اس نے مجھے سازش کے بارے بتایا، اس نے بتایا کہ تمہارا آرمی چیف تمہارے خلاف سازش کر رہا ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے کہا

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

وزیر اوقاف بیرسٹر سید اظفر علی ناصر کیتھڈرل چرچ میں ایسٹر کی دعائیہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ایسٹر پر محبت، بھائی چارے کے پیغام کو عام کرنے کا عہد کرنا ہے' محسن نقوی

ایسٹر بے آسرا اور مستحق افراد کیساتھ وقت گزارنے اور خوشیاں تقسیم کرنے کا نام ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر' قوت) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے ایسٹر پر مسیحی برادری کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ مسیحی برادری کو ایسٹر کی خوشیاں مبارک ہوں۔ ہم مسیحی برادری کی خوشیوں میں برابر کے شریک ہیں۔ ایسٹر بے آسرا اور مستحق افراد کیساتھ وقت گزارنے اور خوشیاں تقسیم کرنے

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

صوبہ بھر میں چینی مہنگی کرنے اور افغانستان سمگلنگ کی تحقیقات شروع

25 روپے کلو چینی کی قیمت بڑھنے سے ملز مالکان کو 115 ارب کا فائدہ ہوا

لاہور (سٹاف رپورٹر' قوت) لاہور سمیت صوبہ بھر میں چینی مہنگی کرنے اور افغانستان سمگلنگ کی تحقیقات شروع کر دی گئیں۔ ذرائع کے مطابق تحقیق میں معلوم کیا جائے گا کہ چینی کن راستوں سے بارڈر کراس ہوئی، کین کمشنر نے اس حوالے

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

وزیر اعظم کی ایسٹر کے موقع پر مسیحی برادری کو مبارکباد

ایسٹر پیار محبت اور باہمی احترام کے جذبے کا نام ہے' شہباز شریف

ہمارے نبی رحمت العالمینؐ نے تمام مذاہب کا احترام کرنا سکھایا' زرداری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ' قوت) وزیر اعظم شہباز شریف نے ایسٹر کے موقع پر مسیحی برادری کو اپنے مبارکباد کے پیغام میں کہا ہے کہ دنیا بھر کی مسیحی برادری، خاص طور پر ہمارے پاکستانی مسیحی بھائیوں اور بہنوں کو ایسٹر کی بہت بہت مبارکباد

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66)

وزیر اعظم اور وفود نے غیر ملکی دوروں پر ایک ارب سے زائد خرچ کئے، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ' قوت) وزیر اعظم شہباز شریف اور وفد کے موجودہ مالی سال کے 9 ماہ

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

سیلاب سے جاں بحق افراد کے ورثاء تاحال معاوضوں کی وصولی سے محروم

ورثاء کو معاوضوں کی ادائیگی میں رکاوٹ قانونی ورثاء کی نامزدگی ہے، این ڈی ایم اے جو ایسے لوگوں کو شامل کیا گیا جو قانونی ورثاء میں شامل نہیں ہوتے ہیں، حکام کا انکشاف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ' قوت) ملک بھر میں سیلاب سے جاں بحق ہونے والے افراد کے ورثاء کی بڑی تعداد تاحال معاوضوں کی وصولی سے محروم ہے، سیلاب اور بارشوں سے ملک بھر میں 1650 اموات ہوئی جن میں سے ابھی تک 1 ہزار

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

یورے ملک میں انتخابات اکتوبر میں ہی ہوں گے

حسن اقبال

1971 میں ایسے انتخابات کے نتائج بھگت چکے' نواز شریف کو نااہل کرنا عدالت کا سیاہ فیصلہ تھا، فیصلوں سے لگتا ہے سپریم کورٹ میں ڈکٹیٹر شپ مسلط ہے

عدالت نے پی ٹی آئی کو پنجاب میں تخریب کاری کیلئے دوبارہ بحال کیا، عمران خان ملک میں انتشار کی علامت، اس نے ملک کو تباہ کر دیا' وفاقی وزیر منصوبہ بندی

نارووال (قوت بیورو) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پورے ملک میں انتخابات اکتوبر میں ہی ہوں گے، نواز شریف کو نااہل کرنا عدالت کا سیاہ فیصلہ تھا، فیصلوں سے لگتا ہے کہ سپریم کورٹ میں ڈکٹیٹر شپ مسلط ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا ہے کہ پورے ملک میں انتخابات ایک ہی وقت پر اکتوبر میں ہوں گے، ملک میں آئینی اور سیاسی بحران چل رہا ہے، 1971 میں ایسے انتخابات کے نتائج بھگت چکے ہیں، پنجاب میں پہلے انتخابات کرانے سے مسائل پیدا ہوں گے، اکتوبر میں اسمبلیوں کی 5 سالہ مدت پوری ہوگی۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ پنجاب میں پہلے انتخابات کرانے سے ملک میں فساد پیدا ہوگا، صوبے برابر کی اکائیاں ہیں، اسی سے وفاق بنتا ہے، پہلے الیکشن کرا کے وفاق کو

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)

آئی جی ڈاکٹر عثمان انور ڈی پی او آفس میں میڈیا نمائندوں کو تفصیلات سے آگاہ کر رہے ہیں

ڈاکوؤں کی آئی جی پنجاب پر فائرنگ، 1 اہلکار زخمی' 6 ڈاکو گرفتار

واقعہ آئی جی پنجاب کی زیر نگرانی ڈاکوؤں کیخلاف گرینڈ آپریشن کے دوران پیش آیا

رحیم یار خان' لاہور (خبر نگار) رحیم یار خان میں کچے کے علاقے میں ڈاکوؤں کے خلاف آپریشن کے دوران آئی جی پنجاب اور ڈی پی او پر فائرنگ کی گئی جس کے نتیجے میں ایک ہیڈ کانسٹیبل زخمی ہوگیا۔ رحیم یار خان میں کچے کے علاقے میں آئی جی پنجاب عثمان انور کی زیر نگرانی ڈاکوؤں کے

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70)

عمران خان پاکستان کو تباہی کی جانب دھکیل رہا ہے' شرجیل میمن

کراچی (بیورو رپورٹ' قوت) وزیر اطلاعات سندھ شرجیل میمن کا کہنا ہے کہ عمران خان

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 74)

تحصیل آفیسر وائلڈ لائف سیالکوٹ نوید میر ٹریفک حادثے میں جاں بحق

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید، قوت) تحصیل آفیسر وائلڈ لائف سیالکوٹ نوید میر ٹریفک حادثے

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 76)

ریاستی اداروں کی بقا کی جنگ ہم آج نہیں آنے دیں گے

ڈاکٹر جمال ناصر

مولانا احمد لدھیانوی کی صوبائی وزیر صحت سے ملاقات' ریاستی اداروں کے خلاف گمراہ کن پراپیگنڈہ پر اظہار تشویش

لاہور (خبر نگار) سپریم کمانڈر دفاع پاکستان کونسل اور امیر اہلسنت مولانا احمد لدھیانوی نے صوبائی وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر جمال ناصر سے انکی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ اس موقع پر صدر انجمن شہریاں راولپنڈی شرجیل میر بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ملک کی اقتصادی، سیاسی اور امن وامان کی صورتحال پر اور دیگر باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ملاقات میں ریاستی اداروں کے خلاف گمراہ کن پراپیگنڈہ پر تشویش کا اظہار کیا گیا ہے اور کہا گیا کہ ملک دشمن قوتوں کے ایجنڈہ کو کسی صورت میں کامیاب نہیں ہونا دیا جائے گا اور

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

پی ٹی آئی سے نجات کا ایک سال مکمل ہونے پر قوم کو مبارکباد، طلال چوہدری

فتنہ وفساد' جادوگرنی اور رشوت خور چڑیل سے نجات کا ایک سال مکمل ہو، لیگی رہنما

اسلام آباد (بیورو رپورٹ' قوت) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے راہنما سابق وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری نے پی ٹی آئی حکومت سے نجات کا ایک سال مکمل ہونے پر قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ خزانہ خالی، عوام کے پیٹ خالی کرنے

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

نیا پاکستان ہاؤسنگ اتھارٹی کے منصوبوں کو بھی بریک لگ گئی

فراش ٹاؤن میں شروع مشترکہ منصوبہ واجبات کی عدم ادائیگی پر ختم کر دیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ' قوت) نیا پاکستان ہاؤسنگ اتھارٹی کے منصوبوں کو بھی بریک لگ گئی ہی ڈی اے نے اتھارٹی کے ساتھ فراش ٹاؤن میں شروع مشترکہ منصوبہ واجبات کی عدم ادائیگی پر ختم کرتے ہوئے لوکاسٹ ہاؤسنگ سکیم کی بجائے

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62)



کراچی' جماعت اسلامی کے کارکن شہر میں بڑھتے ڈاکو راج کیخلاف احتجاج کر رہے ہیں

توشہ خانہ کیس، عمران خان کو کل طلبی کے سمن جاری کر دیئے گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ' قوت) الیکشن کمیشن کی درخواست پر توشہ خانہ فوجداری کارروائی

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

مشترکہ اجلاس کا وقت تبدیل' 2 بجے کے بجائے شام 4 بجے ہوگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ' قوت) پارلیمنٹ کے آج پیر کو ہونے والے مشترکہ اجلاس کا وقت

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

پی ٹی آئی لانگ مارچ حملہ کیس کے مدعی ایس ایچ او ہارٹ اٹیک سے جاں بحق



گوجرانوالہ (چودھری طارق محمود) تحریک انصاف کے لانگ مارچ حملہ کیس کے مدعی ایس ایچ او عامر بھدرول کا دورہ

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

گیس اور سٹریٹ کرائم پر بیان دینے پر لوگ مجھ پر تنقید کرتے ہیں، گورنر سندھ

چاہتا ہوں صوبے اور شہر کے لوگوں کا کاروبار چلے اور لوگوں کا حق ملے، کامران ٹیسوری

کراچی (بیورو رپورٹ' قوت) گورنر سندھ کامران ٹیسوری کا گیس کی جاری شدید لوڈشیڈنگ کے حوالے سے کہنا ہے کہ بڑے سپلائرز کہہ رہے ہیں کہ گیس موجود ہے، ہم دے سکتے ہیں۔ گورنر سندھ کامران ٹیسوری سحری کے وقت کھارادر

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 75)

اے این پی ملک میں ایک ہی وقت انتخابات چاہتی ہے، زاہد خان

چیف جسٹس حکم جاری کیوں نہیں کر دیتے کہ وزیر اعظم عمران خان ہیں؟

اسلام آباد (بیورو رپورٹ' قوت) ترجمان عوامی نیشنل پارٹی زاہد خان نے کہا ہے کہ عوامی نیشنل پارٹی ملک میں ایک ہی وقت انتخابات چاہتی ہے لیکن چیف جسٹس تمام جماعتوں کے تحفظات کے باوجود پنجاب میں انتخابات کے لئے بضد ہیں۔

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 77)

صرف ایک صوبے میں انتخابات تباہی کا سبب ہونگے

چوہدری محمد سرور

سیاسی جماعتوں کو الیکشن سے متعلق مشاورت کرنی چاہئے، ملکی استحکام کیلئے انتخابات ایک ہی دن کرائے جائیں' سابق گورنر پنجاب

دبئی (فارن ڈیسک' قوت) سابق گورنر پنجاب اور مسلم لیگ (ق) کے رہنما چوہدری محمد سرور نے کہا ہے کہ عام انتخابات سے پہلے صوبائی انتخابات ملکی سالمیت کے لیے زہر قاتل ہوں گے۔ متحدہ عرب امارات میں افطار ڈنر کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سابق گورنر پنجاب چوہدری سرور نے کہا کہ ملک میں استحکام کے لیے عام انتخابات شفاف اور ایک دن کرائے جائیں۔ چوہدری سرور کا کہنا تھا کہ صرف ایک صوبے میں انتخابات تباہی کا سبب ہوں گے، تمام سیاسی جماعتوں کو الیکشن سے متعلق مشاورت کرنی

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 73)

عمران خان کو کل ہی ایک سال مکمل ہوا ہے' شرجیل میمن

چاہتا ہوں صوبے اور شہر کے لوگوں کا کاروبار چلے اور لوگوں کا حق ملے، کامران ٹیسوری

کراچی (بیورو رپورٹ' قوت) گورنر سندھ کامران ٹیسوری کا گیس کی جاری شدید لوڈشیڈنگ کے حوالے سے کہنا ہے کہ بڑے سپلائرز کہہ رہے ہیں کہ گیس موجود ہے، ہم دے سکتے ہیں۔ گورنر سندھ کامران ٹیسوری سحری کے وقت کھارادر

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 75)

آئین پاکستان 1973 کی 50 ویں سالگرہ منانے کیلئے تمام تر تیاریاں مکمل

آئین پاکستان کی 50 ویں سالگرہ منانے کیلئے تقریبات کا آغاز آج پیر سے ہوگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ' قوت) قومی اسمبلی کے سپیکر راجہ پرویز اشرف کی قیادت میں آئین پاکستان 1973 کی 50 ویں سالگرہ منانے کے لیے تمام تر تیاریاں مکمل ہوگئی ہیں۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق آئین پاکستان ایک تاریخی

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

ایک سال میں مہنگائی 45 فیصد کی بدترین بلندی کو پہنچ چکی، فرخ حبیب

حکومتی عوام دشمن پالیسیوں سے ملک میں مہنگائی تاریخ کی بلندیوں کو چھو رہی ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ' قوت) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فرخ حبیب نے کہا ہے کہ حکومت کی عوام دشمن پالیسیوں کے باعث ملک میں مہنگائی تاریخ کی بلندیوں کو چھو رہی ہے، شہباز شریف کے 1 سالہ دور میں مہنگائی 45٪ فیصد کی

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

آئین پاکستان تمام شہریوں کو بنیادی حقوق کی ضمانت دیتا ہے، سپیکر ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ' قوت) سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف اور ڈپٹی سپیکر زاہد اکرم

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 71)

نگران وزیر اعلیٰ کی زیر صدارت روڈ سیکٹر سے متعلق اجلاس

سڑکوں کی تعمیر و مرمت کے 1819 پراجیکٹ زیر تکمیل ہیں: بریفنگ

سڑکیں اور پیچ ورک و روڈ شولڈر کی بحالی' تعمیر کو ترجیح دی جائے: محسن نقوی

لاہور (سٹاف رپورٹر' قوت) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی زیر صدارت وزیر اعلیٰ آفس میں روڈ سیکٹر سے متعلق اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں محسن نقوی نے عوام کی سہولت کے پیش نظر پنجاب بھر میں روڈز کے جاری منصوبے بروقت تکمیل

(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72)

کار اور ٹرک میں خوفناک تصادم سے 3 نوجوان جاں بحق ایک زخمی

افسوس ناک واقعہ اسلام آباد کے تھانہ کھنہ کے سامنے پیش آیا' زخمی ہسپتال منتقل' جاں بحق اور زخمی نوجوان ایک ہی محلے کے رہائشی تھے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ' قوت) اسلام آباد ایکسپریس وے پر خوفناک ٹریفک حادثے میں 3 نوجوان جاں بحق ہوگئے۔ افسوس ناک واقعہ اسلام آباد کے تھانہ کھنہ کے سامنے پیش آیا جہاں کار اور ٹرک کے درمیان تصادم تین نوجوانوں کی جان لے گیا، حادثے میں ایک نوجوان زخمی بھی ہوا ہے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو موقع پر پہنچ گئیں اور نعشوں اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں عباس شاہ، عباس احمد اور سعد احمد شامل ہیں، تینوں جاں بحق اور زخمی نوجوان ایک ہی محلے کے رہائشی تھے۔



اسلام آباد ٹرک کے ساتھ تصادم میں تباہ ہونے والی کار کا ایک منظر

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد فیاض
سٹی نیوز



گورنر پنجاب بلیغ الرحمن جنرل کیڈر ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے سربراہ ڈاکٹر مسعود شیخ کی جانب سے گورنر ہاؤس میں منعقدہ تقریب میں سٹیج پر موجود ہیں جبکہ صوبائی وزیر پرائمری ہیلتھ کیئر ڈاکٹر جمال ناصر، پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار الفرید ظفر، وی سی کے ای ایم یو پروفیسر ڈاکٹر محمود ایاز اور ڈاکٹر مسعود شیخ بھی موجود ہیں

صحت کے عالمی دن پر مسلم لیگ (ن) نے عوام کو صحت کی بہترین سہولیات فراہم کیں، گورنر پنجاب

دنیا کی 2 ارب آبادی فنڈز کی کمی کے باعث صحت کی بنیادی سہولیات سے محروم، ہیلتھ ورکرز کی کمی کو دور کرنے کے لیے تعلیم، ہنر اور صحت میں سرمایہ کاری کو ترجیح دینا ہوگی، بلیغ الرحمن

صحت کی ترقی کیلئے نظام میں آسانیاں پیدا کرنا ہوں گی، ڈاکٹر جمال ناصر، پولیو اور کورونا شہدا کو قومی ہیرو قرار دیا جائے، صحت میں بہتری کیلئے قانون سازی ناگزیر ہے، ڈاکٹر سعید الٰہی، ڈاکٹر مسعود شیخ

لاہور (خبر نگار) صحت کے عالمی دن کے موقع پر جنرل کیڈر ڈاکٹرز ایسوسی ایشن پنجاب کے زیر اہتمام قومی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے گورنر پنجاب جناب بلیغ الرحمن نے کہا کہ دنیا کی 2 ارب آبادی فنڈز کی کمی کے باعث صحت کی بنیادی سہولیات سے محروم ہے۔ دنیا بھر میں 2030 تک 1 کروڑ ہیلتھ ورکرز کی کمی کو دور کرنے کے لیے تعلیم، ہنر اور صحت میں سرمایہ کاری کو ترجیح دینا ہوگی ۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) نے اپنے دور حکومت میں ملک میں صحت کے بنیادی ڈھانچے کے ساتھ ساتھ طبی سہولیات کی بہتری کے لیے بہت کام کیا۔ صوبائی وزیر برائے پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈاکٹر جمال ناصر نے پاکستان کے ہیلتھ انفراسٹرکچر کو بہترین قرار دیا۔ انہوں نے ریڈ ٹیپزم اور دیگر بدعنوانیوں کو ختم کرنے کے ساتھ ساتھ صحت کے indicaters کو بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ سابق چیئرمین ریڈ کریسنٹ سوسائٹی پاکستان ڈاکٹر سعید الٰہی نے تجویز دی کہ پولیو، ہم اور کورونا وبا کے دوران شہید ہونے والے ہیلتھ کیئر ورکرز اور ڈاکٹروں کی خدمات کا اعتراف کیا جائے اور ان کے ورثا کو مالی امداد فراہم کی جائے۔ جنرل کیڈر ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر مسعود شیخ نے کہا کہ یونیورسل ہیلتھ کوریج پر توجہ مرکوز کی جائے اور سیاسی اور سماجی راہنما صحت کی سہولیات کے حوالے سے عوام کے سامنے جواب دہ ہوں۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ وبائی اور دیگر امراض پر قابو پانے کیلئے مناسب قانون سازی کرے۔ اگر بین الاقوامی اداروں کا تعاون جاری رہا تو چیچک کی طرح پولیو کو بھی اس ملک سے ختم کر دیں گے۔ اسوقت ملک میں ماں اور بچے کی صحت پر زور دینا ہوگا۔ دنیا کو ہر چند سال کے بعد ایک نئی وبا کا سامنا ہے، مل جل کر اسکا سدباب ممکن ہے۔ سیمینار سے عالمی ادری صحت کے نمائندہ ڈاکٹر یجی گلزار، وائس چانسلر KEMU پروفیسر محمود ایاز، پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر فرید ظفر، پروفیسر روبینہ ذاکر، پروفیسر جنید رشید، و دیگر نے خطاب کیا اور جنرل کیڈر ڈاکٹرز، ڈبلیو ایچ او، کے ای ایم یو، یو ایچ ایس، فیملی فزیشنز، پنجاب یونیورسٹی، نرسنگ اور پیرا میڈیکل سٹاف کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔

وزیر اوقاف کی کیتھڈرل چرچ میں ایسٹر تقریبات میں شرکت

ایسٹر امن اور مذہبی ہم آہنگی کے لیے بہت ضروری ہے، صوبائی وزیر

لاہور (خبر نگار) صحت کے عالمی دن کے موقع پر جنرل کیڈرز ڈاکٹرز ایسوسی ایشن پنجاب کے زیر اہتمام قومی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے گورنر پنجاب جناب بلیغ الرحمن نے کہا کہ دنیا کی 2 ارب آبادی فنڈز کی کمی کے باعث صحت کی بنیادی سہولیات سے محروم ہے۔ دنیا بھر میں 2030 تک 1 کروڑ ہیلتھ ورکرز کی کمی کو دور کرنے کے لیے تعلیم، ہنر اور صحت میں سرمایہ کاری کو ترجیح دینا ہوگی

لاہور (سپیشل رپورٹر) صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور، ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بیرسٹر سید اظفر علی ناصر نے مسیحی برادری سے اظہار یکجہتی کیلئے کیتھڈرل چرچ میں ایسٹر کی تقریبات میں شرکت کی اور مسیحی برادری کو مبارکباد دی۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر نے کہا کہ ایسٹر کا اصل پیغام پیار اور خوشی ہے اور معاشرے میں امن اور مذہبی ہم آہنگی کے لیے یہ پیغام بہت ضروری ہے۔ دعا ہے کہ معاشرے میں خوشی اور بھائی چارے کے جذبے کو مزید فروغ حاصل ہو۔ یہ امر اعزاز اور سعادت کا باعث ہے کہ ماہ رمضان میں مجھے مسیحی برادری کی خوشیوں میں شریک ہونے کا موقع ملا۔ ماہ رمضان المبارک امن عالم کا امین اور بین المذاہب مکالمے کا علمبردار ہے۔ عصر حاضر میں انتہا پسندی کے خاتمے کے لیے تمام ادیان عالم کو مشترکہ جدوجہد کی ضرورت ہے۔ رواداری، انسان دوستی، اخوت اور بھائی چارے کے ذریعے ہی معاشرے کو جنت نظیر بنایا جاسکتا ہے۔ اسلام سلامتی کا دین ہے اور دنیا بھر کی تمام اقوام اور مذاہب سے تعلق رکھنے والوں کو سلامتی کی طرف بلاتا ہے۔ اسلامی ریاست میں غیر مسلم شہریوں کو بھی وہی حقوق حاصل ہیں۔

سیدہ عائشہ صدیقہؓ امت کی تمام عورتوں کی سردار ہیں: مولانا علیم شاکر

لاہور (سٹاف رپورٹر/ قوت) خلیفہ مجاز سید نفیس الحسن شاہؒ، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لاہور کے ناظم اعلیٰ، مہتمم جامعہ فاطمۃ الزاہرؓ للبنات مولانا علیم الدین شاکر نے کہا ہے کہ سیدہ عائشہ صدیقہؓ امت کی تمام عورتوں کی سردار ہیں، آج کی خواتین کیلئے بھی سیدہ عائشہ صدیقہؓ کی زندگی کا ہر پہلو اور سیرت طیبہ بہترین مشعل راہ ہے، سیدہ ام عائشہؓ امت محمدیہ کی وہ واحد ہستی ہیں جن کی عفت و پاکدامنی کا خود رب ذوالجلال گواہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامع مسجد احمد علی لاہوری اچھرہ میں درس قرآن میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے حضور علیہ السلام سے علم نبوت کا بڑا خزانہ حاصل کیا۔

دینی جماعتوں کا قومی سلامتی کمیٹی اعلامیہ کی حمایت

دہشتگردی، وطن و امن دشمنوں کا خاتمہ ناگزیر ہے، ممتاز اعوان، مفتی عاشق حسین

لاہور (سٹاف رپورٹر/ قوت) 13 جماعتی تحفظ ختم نبوت الائنس میں شامل جماعتوں جے یو آئی، جے یو پی، جماعت اسلامی، ورلڈ پاسبان ختم نبوت، مسلم لیگ (علماؤ مشائخ) جمعیت اہلحدیث، جمعیت اہلسنت، تحریک ملت جعفریہ، چاروں مسالک علماء کونسل، مجلس احرار اسلام، خاکسار تحریک، مصطفائی جسٹس مومنٹ اور تحریک آزادی کشمیر کے راہنما کنوینر الائنس علامہ محمد ممتاز اعوان چیئرمین سپریم کونسل مفتی سید عاشق حسین اور ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، سابق سینیٹر حافظ حسین احمد، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل ڈاکٹر عبدالغفور راشد، مفتی غلام حسین نعیمی، مولانا محمد الیاس چنیوٹی، پیر سید ولی اللہ شاہ بخاری، شیخ محمد نعیم بادشاہ، علامہ وقار الحسنین نقوی ڈاکٹر محمد حماد خاکسار، میاں اشرف عاصمی ایڈووکیٹ، مفتی محمد اسعد نیازاور مولانا محمد منسوب رحیمی نے گزشتہ روز قومی سلامتی کمیٹی کے منعقدہ اجلاس کے جاریکردہ اعلامیہ کی مکمل تائید وحمایت کا اعلان کرتے ہوئے اسے 23 کروڑ غیور پاکستانی عوام کے دلوں کی آواز قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ وطن عزیز میں جاری ہر قسم کی دہشتگردی اور وطن دامن دشمنوں کا خاتمہ انتہائی ناگزیر ہے۔ نیز 13 دینی جماعتوں نے اہم دہشتگردوں کی گرفتاری کو پاک فوسز کی شاندار کامیابی قرار دیا اور وطن کے دفاع و بقاء کیلئے پاک فوج کی عظیم خدمات وقربانیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز چوبیس گھنٹوں میں ایل پی جی ایسوسی ایشن کے ساتھ لائحہ عمل ترتیب دیں، کمشنر لاہور

اوور چارجنگ کیخلاف کریک ڈاون، عوامی ریلیف کیلئے اوگرا کے نوٹیفائیڈ ریٹس کے نفاذ کیلئے سخت اقدامات اٹھائے جائیں، علی رندھاوا

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور ڈویژن محمد علی رندھاوا نے کہا ہے کہ تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز چوبیس گھنٹوں میں ایل پی جی ایسوسی ایشن کے ساتھ لائحہ عمل ترتیب دیں۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ ایل پی جی نوٹیفائیڈ ریٹس کے نفاذ کیلئے مارکیٹنگ کمپنیز کے پلانٹس ریٹس کو چیک کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ لائحہ عمل ترتیب دینے کے بعد اوور چارجنگ کیخلاف کریک ڈاون کیا جائے۔ کمشنر لاہور نے ہدایت کی کہ عوام کے ریلیف کیلئے اوگرا کے نوٹیفائیڈ ریٹس کے نفاذ کیلئے سخت اقدامات اٹھائے جائیں۔ چیئرمین ایل پی جی انڈسٹریز ایسوسی ایشن عرفان کھوکھر نے کہا کہ پاکستان ایل پی جی انڈسٹریز ایسوسی ایشن انتظامیہ کے ساتھ ہے۔ نوٹیفائیڈ ریٹس پر فروخت ہوگی۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ عام صارف تک نوٹیفائیڈ ریٹ کیمطابق ایل پی جی فراہمی کے ہر مرحلے کو مانیٹر کیا جائے۔ کمشنر لاہور محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت ایل پی جی کی قیمتوں کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیئرمین ایل پی جی انڈسٹریز ایسوسی ایشن عرفان کھوکھر و وفد، ایڈیشنل کمشنر عبدالسلام عارف، چاروں اضلاع کے ڈی سیز نے بذریعہ ویڈیو لنک اور ڈی او ماحولیات علی اعجاز نے شرکت کی۔

عمران خان کو پچاس لاکھ نئے گھر بنانے سے کس نے روکا، عابد حسین صدیقی

لاہور (سٹاف رپورٹر/ قوت) پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما عابد حسین صدیقی نے کہا ہے کہ ایک سال ہو گیا ہے عمران خان کو سڑکوں پر موجودہ آئینی و منتخب جمہوری حکومت کے خلاف جلسے جلوس کرتے ہوئے مگر اس ایک سالہ جلسے جلوسوں کے دوران عمران خان نے اپنے ساڑھے تین سالہ حکومتی کارکردگی کا وائٹ پیپر جاری کرنے کی جرات نہیں کی اس نے کبھی بھی یہ نہیں بتایا کہ آخر وہ کونسی ایسی طاقت تھی کہ جس نے اس کو ایک کروڑ نوکریاں دینی اور پچاس لاکھ نئے گھر بنانے سے روکے رکھا، اس نے کبھی بھی یہ نہیں بتایا کہ اس شخص کو اس کی حکومت کے دوران اس کی طرف سے اعلان کردہ مدینہ کی ریاست قائم کرنے سے روکا تھا۔

اعتکاف رضائے الٰہی کے حصول کا اہم ذریعہ ہے: ڈاکٹر راغب نعیمی

اعتکاف کے دوران موبائل فون کے استعمال سے اجتناب کرنا چاہئے، ناظم اعلیٰ

لاہور (سٹاف رپورٹر/ قوت) دارالعلوم جامعہ نعیمیہ کے ناظم اعلیٰ علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے کہا ہے کہ اعتکاف رضائے الٰہی کے حصول کا اہم ذریعہ ہے۔ اعتکاف کے دوران موبائل فون کے استعمال سے مکمل طور پر اجتناب کرنا چاہئے۔ اعتکاف کا وقت بیسواں روزہ ختم ہونے کے وقت غروب آفتاب سے شروع ہوتا ہے اور عید کا چاند ہونے تک باقی رہتا ہے، خواتین کو مسجد میں اعتکاف نہیں کرنا چاہئے بلکہ ان کا اعتکاف گھر میں ہی ہوسکتا ہے۔ ماہ رمضان المبارک کی تمام تر عبادات کا محور رضائے الٰہی کا حصول ہی ہوتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اعتکاف کا اصل مقصد جہاں 'شب قدر' کی تلاش ہے وہیں یہ بھی ہے کہ بندہ صرف اللہ کے ساتھ اپنا تعلق قائم کرے، ساری مصروفیات ترک کر کے اللہ کے ساتھ مشغول ہو جائے، مخلوق کی بجائے اللہ سے محبت پیدا ہو جائے۔ علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے مزید کہا کہ دورانِ اعتکاف، کوئی خاص عبادت متعین نہیں، تلاوت، ذکر، نفلی عبادات، قضا نمازیں اور دعاؤں کا خاص اہتمام کریں۔

اسٹیشنز اور ٹرینوں میں بڑھتے ہوئے جرائم کی روک تھام کیلئے خصوصی مہم کا آغاز

گداگروں، جیب تراشی اور نشہ آور چیز کھلا کر لوٹنے والوں کے تدارک کے لئے 3 خصوصی ٹیمیں تشکیل دیدی گئیں

لاہور (سپیشل رپورٹر) ریلویز پولیس لاہور ڈویژن نے ماہِ رمضان اور عید الفطر کے دوران ریلوے اسٹیشنز اور ٹرینوں میں بڑھتے ہوئے گداگروں، جیب تراشی اور نشہ آور چیز کھلا کر لوٹنے والوں کے تدارک کے لئے تین خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ایکٹنگ ایس پی لاہور رانا افتخار احمد کی طرف سے ماہِ رمضان اور خصوصاً عید الفطر کے دوران ریلوے اسٹیشنز اور ٹرینوں میں بڑھتے ہو※ جرائم اور مسافروں کے محفوظ سفر کو یقینی بنانے کے لئے تین خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں۔ رمضان کے مہینے میں خصوصاً عید کے قریب مسافروں کی نقل وحرکت میں اضافے کے ساتھ ساتھ اس بات کا اندیشہ ہوتا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر بھکاری کا روپ دھار کر دہشت گردی اور دیگر وارداتوں کے لئے ریلوے اسٹیشن اور ٹرینوں کا رخ کرتے ہیں جس کے تدارک کے لئے خصوصی مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ خصوصی ٹیمیں ایس پی آفس لاہور کو اپنی کارکردگی کے حوالے سے ہفتہ وار رپورٹ بھی جمع کروائیں گی۔ خصوصی ٹیموں میں سب انسپکٹر، اے ایس آئی اور کانسٹیبلز شامل ہیں۔ سب انسپکٹر ریک کے افسر کو ٹیم کا انچارج مقرر کیا گیا ہے جس میں پہلی ٹیم کا انچارج سب انسپکٹر ارشاد اللہ، دوسری میں سب انسپکٹر صنم اویس اور تیسری ٹیم میں محمد الطاف شامل ہیں۔ ان ٹیموں کو تین الگ الگ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جس میں پہلی ٹیم کو لاہور سے لالہ موسیٰ اور سیالکوٹ، دوسری لاہور سے فیصل آباد اور جڑانوالہ اور تیسری ٹیم کو لاہور سے ساہیوال اور پاکپتن کے تین سیکشنز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ٹیمیں 10 اپریل سے عید الفطر کے چوتھے روز تک انسداد جرائم کے حوالے سے اپنی کاروائیاں جاری رکھیں گی۔ اس حوالے سے اسپیشل ٹیمیں گداگروں، نوسر باز اور جیب تراشنے والوں کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائینگی۔ خصوصی ٹیمیں ہفتہ وار کارکردگی میں گداگروں اور دیگر جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف قانونی کاروائی کو یقینی بنائیں گی۔

ذخیرہ اندوز مافیا عوام دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں: اشرف بھٹی

لاہور (سٹاف رپورٹر/ قوت) پاکستان پیپلز پارٹی لاہور کے سینئر نائب صدر محمد اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ عوام مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں اور مہنگائی زدہ عوام کو ناجائز منافع خور اور ذخیرہ اندوز مافیا الگ سے دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہا ہے مگر اس ساری صورت حال سے بے خبر ہو کر پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نہ جانے کہاں مصروف ہیں۔

پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی لاہور کے زیر اہتمام غریب افراد میں راشن تقسیم

لاہور (سٹاف رپورٹر/ قوت) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی لاہور کے زیر اہتمام غریب افراد میں راشن تقسیم کیا گیا۔ اس موقع پر پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری چوہدری ذیشان جٹ نے کہا کہ مفت آٹا دینے کے نام پر کرپشن اور غریب کی تحقیر بند کی جائے اگر حکومت عوام کے لئے کچھ کرنا ہی چاہتی ہے تو سستے آٹے کی دستیابی کو یقینی بنائیں۔ اس موقع پر پاسبان رہنما جنید عارف نے کہا کہ اشرافیہ غریب آدمی کو راشن دیتے وقت سیلفیاں لے کر سفید پوش آدمی کو زمین بوس کر دیتے ہیں۔ انہیں سفید پوش آدمی کی عزت کا خیال کرنا چاہیئے۔ پاسبان نے گھر گھر راشن پہنچا کر ایسا ماڈل پیش کیا جس سے نہ کسی غریب کی دل آزاری ہوئی اور نا ہی لائینوں میں لگا کر تذلیل کی گئی۔

الحمراء پانچ روزہ خطاطی ورکشاپ کا انعقاد کرے گا، محمد سلیم ساگر

خطاطی ورکشاپ آج سے 14 اپریل تک الحمراء آرٹ گیلری فور میں جاری رہے گی



لاہور (خبر نگار) ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء محمد سلیم ساگر نے کہا ہے کہ خطاطی کو فنون لطیفہ میں منفرد مقام حاصل ہے، آج کی ہماری نوجوان نسل اس فن کو سیکھنے میں بے پناہ دل چسپی لیتی ہے، جس کے پیش نظر باقاعدہ خطاطی کی ورکشاپ کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ یہ خطاطی ورکشاپ آج مورخہ 10 اپریل سے 14 اپریل تک الحمراء آرٹ گیلری فور میں جاری رہے گی۔ پانچ روزہ ورکشاپ میں نامور خطاط اُستاد عرفان احمد نوجوانوں کو تربیت فراہم کریں گے۔ واضح رہے قبل ازاں ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء محمد سلیم ساگر کی ہدایات پر خطاطی و پینٹنگ کی ورکشاپ الحمراء کلچرل کمپلیکس میں بھی منعقد کروائی جا چکی ہے، جس سے سینکڑوں نوجوان آرٹسٹ مستفید ہوئے۔

سکول جسمانی معذوراں چوبرجی میں داخلوں کا آغاز یکم اپریل سے کر دیا گیا

مفت تعلیم، ماہانہ 800 روپے وظیفہ، یونیفام، پک اینڈ ڈراپ کی تمام سہولیات میسر

لاہور (خبر نگار) پنجاب بھر میں دیگر سکول برائے جسمانی معزوران کے سالانہ داخلوں کے سلسلہ میں گورنمنٹ سیکنڈری سکول برائے جسمانی معذوراں چوبرجی لاہور میں داخلوں کا باقاعدہ آغاز یکم اپریل 2023ء سے کر دیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پرنسپل گورنمنٹ سیکنڈری سکول چوبرجی لاہور مسز امینہ ناز نے کیا انہوں نے کہا کہ اس سکول میں بچوں کی تعلیمی بہتری کے لیے بہترین اور پیشہ ور اساتذہ موجود ہیں جو تعلیمی سرگرمیوں کو بہتر بنانے میں کوشاں ہیں۔ انھوں نے کہا کہ یہاں پر بچوں کا داخلہ کرتے ہوئے ان کا ذہنی اور جسمانی تجزیہ کیا جاتا ہے۔ بچوں کے لیے تجربہ کار اعلیٰ تعلیم یافتہ فیزیوتھراپسٹ ڈاکٹرز بھی موجود ہیں۔ اس کے علاوہ بچوں کے لیے مفت تعلیم، ماہانہ 800/- روپے وظیفہ، یونیفام، پک اینڈ ڈراپ کی تمام سہولیات میسر ہیں۔ پرنسپل نے بتایا کہ نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ بچوں کو غیر نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لیے مختلف قسم کی کھیلوں کا انعقاد اور ثقافتی پروگرام بھی ترتیب دیے جاتے ہیں۔

کمشنر لاہور محمد علی رندھاوا کی کرسچین کمیونٹی کو ایسٹر کے تہوار کی مبارکباد

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور ڈویژن محمد علی رندھاوا نے ایسٹر کے تہوار پر کرسچین کمیونٹی کو ایسٹر کی مبارکباد دی۔ کمشنر لاہور نے تمام مسیحی افسران و اہلکاروں کو بھی مبارکباد دی۔ کمشنر لاہور محمد علی رندھاوا نے کہا کہ لاہور انتظامیہ مسیحی برادری کی خوشیوں میں برابر کی شریک ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسٹر پر لاہور انتظامیہ کے میونسپل انتظامات مکمل ہیں۔ تمام چرچز میں مذہبی و دعائیہ تقریبات ہو رہی ہیں۔ متعلقہ افسران موجود ہیں۔

ہنجر وال میں سفاک باپ نے 3 سالہ سگی بیٹی کو گلہ دبا کر قتل کر دیا

قاتل باپ کو شک تھا کہ مقتولہ زہرہ فاطمہ اس کی بیٹی نہ ہے، پولیس ذرائع

لاہور (کرائم رپورٹر) ہنجر وال کے علاقے میں سفاک باپ نے 3 سالہ سگی بیٹی کو گلہ دبا کر قتل کر دیا قاتل باپ کو شک تھا کہ مقتولہ زہرہ فاطمہ اس کی بیٹی نہ ہے، پولیس نے ملزم کو گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق ہنجر وال پولیس کو جناح ہسپتال میں 3 سالہ بچی کی ڈیتھ کی اطلاع موصول ہوئی پولیس نے حالات مشکوک ہونے پر بچی کا پوسٹ مارٹم کروانے کی کوشش کی مگر بچی کے والد نے پوسٹ مارٹم کروانے سے انکار کیا اور موت کو طبعی رنگ دینے کی کوشش کی بعد ازاں پولیس کے پوسٹ مارٹم کروانے پر ڈاکٹرز نے بچی کی گلہ دبانے سے موت ہونے کی تصدیق کی پوسٹ مارٹم کے دوران ہی بچی کا والد خرم شہزاد موقع سے فرار ہو گیا جسے فوری کارروائی کرتے ہوئے چند گھنٹوں کے اندر گرفتار کر لیا گیا دوران تفتیش ملزم نے بچی کو گلہ دبا کر قتل کرنے کا اعتراف کر لیا۔

تیز رفتار گاڑی بجلی کے پول سے ٹکرا گئی، ٹرانسفارمر گرنے سے گاڑی تباہ

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈیفنس اے کے علاقہ مین بلیوارڈ روڈ نزد عادل ہسپتال سروس روڈ پر ٹریفک حادثہ ہوگیا۔ انچارج ڈیفنس سیکٹر بشارت کے مطابق تیز رفتار گاڑی بجلی کے پول سے ٹکرا گئی، گاڑی پول سے ٹکرانے پر ٹرانسفارمر گاڑی کے اوپر گر گیا جس سے ڈرائیور شدید زخمی ہسپتال منتقل کر دیا گیا، حادثہ میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، اور گاڑی تباہ ہوگئی۔

اسلام خاتون کو بھی مردوں کو پڑھانے کا حق دیتا ہے: مجاہد عبدالرسول

لاہور (سٹاف رپورٹر/ قوت) صدر سنی تحریک پنجاب مذہبی سکالر علامہ مجاہد عبدالرسول خان قادری نے کہا ہے کہا سلام خاتون کو بھی مردوں کو پڑھانے کا حق دیتا ہے، سیدہ عائشہ صدیقہؓ عالمہ، مفسرہ اور انتہائی فصیح تھیں صحابہ اکرامؓ حضرت عائشہ صدیقہؓ سے مسائل پوچھتے تھے، امت مسلمہ کی ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کیلئے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی زندگی مبارکہ مشعل راہ ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ حضرت سیدہ عائشہ صدیقہؓ کی پاک دامنی پر اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں اٹھارہ آیات کا نزول فرمایا، حضرت عائشہؓ سے دو ہزار دس احادیث مروی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بحیثیت استاد حضرت عائشہ صدیقہؓ کا بہت بڑا کردار ہے، صحابہ اکرام رضی اللہ عنہ اکثر و بیشتر مسائل میں ام المومنین سیدہ حضرت عائشہؓ رہنمائی لیا کرتے تھے، حضرت عائشہؓ قرآن وحدیث پر بہت زیادہ عبور رکھتی تھیں اور صحابہ اکرامؓ آپ سے مسائل پوچھنے اور سیکھنے میں فخر محسوس کرتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ وہ لوگ جو دین اسلام کے خلاف پراپیگنڈا کرتے ہیں کہ اسلام خواتین کی تعلیم و تربیت کے خلاف ہے، حضرت عائشہ صدیقہؓ کی زندگی مبارکہ ایسے لوگوں کیلئے بہترین جواب ہے کہ اس امت کے بڑے بڑے اکابر صحابہ اکرامؓ نے حضرت عائشہ صدیقہؓ سے پڑھنے کا شرف حاصل کیا ہے۔

مافیا نے خود ساختہ مہنگائی کر کے لوٹ مچا رکھی ہے، مجید غوری

لاہور (سٹاف رپورٹر/ قوت) عوامی رکشہ یونین کے مرکزی چیئرمین مجید غوری نے کہا ہے کہ ایک تو مہنگائی ہے۔ اس پر مافیا نے خود ساختہ مہنگائی کر کے لوٹ مچا رکھی ہے۔ گراں فروشی ضلعی انتظامیہ کے کرپٹ اہلکاروں اور مافیا کے گٹھ جوڑ کا نتیجہ ہے۔ ڈی سی لاہور اور پرائس کنٹرول مجسٹریٹ ٹھنڈے کمروں میں آرام کر رہے ہیں۔ جبکہ مافیا غریبوں کی جیبوں پر ڈاکہ ڈال رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مہنگائی کا نوٹس لیں۔ ڈی سی لاہور و دیگر ذمہ داران کو دانستہ کوتاہی پر فوری معطل کریں۔ اور ایماندار افسران اور اہلکاروں کو گراں فروشوں کے خلاف سخت کاروائی کی ہدایات جاری کریں۔ 24 گھنٹوں میں ضلعی انتظامیہ نے قیمتیں کنٹرول نہ کیں تو ڈی سی آفس کے سامنے دھرنا دیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرے کے موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

دوسروں کی جان خطرے میں ڈالنے والے 30 ون ویلرز گرفتار

ملزمان خطرناک کرتب، ون ویلنگ تیز رفتاری سے موٹر سائیکلیں چلا رہے تھے

لاہور (کرائم رپورٹر) ٹک ٹاک کا جنون، اپنی اور دوسروں کی جان خطرے میں ڈالنے والے 30 ون ویلرز کو سانده پولیس نے گرفتار کر لیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن محمد عثمان ٹیپو کی ہدایت پر ایس ایچ او سانده عامر شہزاد نے کارروائی کر کے خطرناک کرتب دکھانے والے 30 ون ویلرز کو گرفتار کر لیا ملزمان خطرناک کرتب۔ ون ویلنگ۔ زگ زیگ اور تیز رفتاری سے موٹر سائیکلیں چلا رہے تھے ملزمان سوشل میڈیا پر ون ویلنگ کی ویڈیوز بھی اپلوڈ کرتے تھے۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن محمد عثمان ٹیپو نے بتایا کہ ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے موٹر سائیکلیں تھانہ سانده میں بند کر دی ہیں۔ ون ویلنگ جیسے خونی کھیل سے بہت سے حادثات رونما ہو چکے ہیں۔ ایس پی اقبال ٹاؤن محمد عثمان ٹیپو کی ایس ایچ او عامر شہزاد اور پولیس ٹیم کو شاباش دی۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن محمد عثمان ٹیپو نے کہا کہ اپنی اور دوسروں کی زندگی سے مت کھیلیں ون ویلنگ سے اجتناب کریں۔

دوران ڈیوٹی حادثات میں شدید زخمی وارڈنز کو غازی کا خطاب

غازی وارڈنز کو کلاس ون سرٹیفکیٹ، ایک لاکھ روپیہ انعام بھی دیئے جائینگے

لاہور (کرائم رپورٹر) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا دوران ڈیوٹی اور ٹریفک حادثات میں زخمی وارڈنز کے لئے ایک اور احسن اقدام سامنے آیا ہے، اب دوران ڈیوٹی حادثات میں شدید زخمی وارڈنز کو غازی کا خطاب دیا جائے گا جبکہ غازی وارڈنز کو کلاس ون سرٹیفکیٹ، ایک لاکھ روپیہ انعام بھی دیئے جائیں گے، علاوہ ازیں غازی وارڈنز کو ان کی پسند کی پوسٹنگ، اعزازی بیج اور دیگر مراعات بھی دی جائیں گی۔ سی ٹی او لاہور نے ایسے تمام وارڈنز سے درخواستیں طلب کر لی، سی ٹی او لاہور کی انچارج ویلفیئر کو دو دن میں ریکارڈ مکمل کرنے کی ہدایت کر دی، اس حوالے سے سی ٹی او لاہور کا کہنا تھا کہ دوران ڈیوٹی کسی بھی حادثے کے شکار وارڈنز کی ویلفیئر کو یقینی بنایا جا رہا ہے، دوسروں کیلئے آسانیاں پیدا کرنیوالوں کیلئے آسانیاں پیدا کیں جائیں گیں، سپاہ کی ویلفیئر کو یقینی بنانے سے بہترین نتائج حاصل کئے جائیں گے۔

تین ماہ میں 1 لاکھ 50 ہزار سے زائد شہریوں نے لرنر پرمٹ جاری کئے

01 لاکھ 50 ہزار سے زائد شہریوں نے لرنر پرمٹ جاری کئے گئے، رپورٹ

لاہور (کرائم رپورٹر) تین ماہ کے دوران 02 لاکھ سے زائد شہریوں کو ڈرائیونگ لائسنس کے متعلقہ سہولیات فراہم کیں گئیں، 01 لاکھ 50 ہزار سے زائد شہریوں نے لرنر پرمٹ جاری کئے گئے، 40 ہزار 907 شہریوں نے اپنے ڈرائیونگ لائسنس کی تجدید کروائی گئی، 18 ہزار 386 شہریوں نے نئے ڈرائیونگ لائسنس بنوائے، 10 ہزار سے زائد شہری ڈرائیونگ لائسنس ٹیسٹ میں فیل ہوئے، مستنصر فیروز کا کہنا تھا کہ 04 ہزار 467 شہریوں کو نئے انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس جاری کئے گئے، لائسنس گم ہونے پر 02 ہزار 616 شہریوں کو ڈوپلیکیٹ لائسنس جاری کئے گئے، لائسنسوں کی مد میں سادہ لوح شہریوں کو لوٹنے پر 05 ٹاؤٹوں کیخلاف مقدمات درج کروائے گئے، لاپرواہی، غیر ذمہ دارانہ ڈرائیونگ پر 19 لائسنس کینسل کئے گئے، شہر میں 06 ڈرائیونگ ٹیسٹنگ سنٹرز، 23 لائسنس بوتھ قائم کئے گئے ہیں، رواں سال صرف 69 امیدوار پبلک سروس وہیکلز ٹیسٹ میں پاس ہوسکے، نگراں وزیر اعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب کی خصوصی ہدایت پر آسانیاں بڑھائی گئیں ہیں۔

عوام کو معیاری خوراک فراہم کرنے کیلئے پنجاب فوڈ اتھارٹی ان ایکشن

3050 لیٹر غیر معیاری دودھ تلف، 82 فوڈ پوائنٹس کو اصلاحی نوٹسز جاری کئے، فوڈ اتھارٹی

لاہور (سپیشل رپورٹر/ قوت) ماہ صیام میں عوام الناس تک معیاری خوراک فراہم کرنے کیلئے پنجاب فوڈ اتھارٹی ان ایکشن۔ 3050 لیٹر غیر معیاری دودھ تلف، 82

ABC CERTIFIED
اقامہ تصدیق شدہ اشاعت

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

قوت
روزنامہ
لاہور

روزنامہ قوت لاہور (3)10 اپریل 2023ء

پاکستان ترقی کی راہ پر چل پڑا ہے، انتخابات مقررہ وقت پر ہونگے

رانا ثنویر حسین

ہمارا ماضی گواہ ہے ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے، علاقے کو تمام تر سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی اور یہ سفر جاری رہے گا، وفاقی وزیر تعلیم، عمران افراتفری کا ماسٹر مائنڈ ہے: رانا احمد عتیق انور، چوہدری حسان ریاض



جلسہ گاہ میں کیٹھن (ر) کنٹرولر فاروق ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر پبلک لائبریری سیالکوٹ کے اعزاز میں سپاس نامہ پیش کیا جا رہا ہے

عارفوالہ: ایس ڈی او سب ڈویژن کمیر کا سیفٹی وائلیشن پر 2 اسسٹنٹ لائن مین کے خلاف سخت ایکشن

تنویر الALM اور محمد زاہد الALM نے غیر حفاظتی کٹ کے خطرناک لائن پر کام کیا تھا

عارفوالا (نامہ قوت) ایس ڈی او سب ڈویژن کمیر کا سیفٹی وائلیشن پر 2 اسسٹنٹ لائن مین کے خلاف سخت ایکشن تنویر الALM اور محمد زاہد الALM نے غیر حفاظتی کٹ کے خطرناک لائن پر کام کیا تھا جو کہ کسی بھی بڑے حادثے کا سبب بن سکتا تھا جس کی سوشل میڈیا پر ویڈیو وائرل ہونے پر ایس ڈی او کمپیر نے ایکشن لیتے ہوئے دونوں ملازمین کے باہمی جذابے کر دیئے ہیں ایکسین پی ایس پی ایس جیتر میں ایکسین محمد اقبال نے ڈیوٹی کے دوران اصل حقائق میڈیا کے ذریعے CEO اور SE کو پہنچانے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ راؤ محمد اقبال کلوڑی ضلع بہاولپور پیش ڈیوٹی سے فارغ کیا جائے اور اسکے خلاف تمام سابقہ انکوائری کو کیوں کر کے ہوئے افسران کو بلیک لسٹ کر دیا جائے اور محکمہ سے برخاست کیا جائے۔

میل اور فی میل سٹاف پر مشتمل انسداد ڈینگی ٹیمیں گھروں میں ایئر کولرز، فریج کی ٹرے، پانی کی ٹینکیوں، گملوں، پانی جمع کرنے کے برتنوں اور چھتوں پر کاٹھ کباڑ وغیرہ کو مسلسل چیک کیا جارہا ہے جس پر ڈینگی کنٹرول کے ایکسین محمد عاصم نے اظہار اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہری انداز میں احتیاطی تدابیر بھرپور اختیار کریں تبھی ہم ڈینگی کو شکست دے سکتے ہیں، ہر گھر، ہر ادارہ، ہر تعلیمی ادارے میں ڈینگی سے بچاؤ کے لئے اقدامات کریں، ہر ہفتے کم از کم ایک گھنٹہ ڈینگی کے خلاف ضرور نکالیں، انہوں نے کہا کہ ڈینگی کے خلاف جنگ ہم سب کو مل کر لڑنی ہے، ہر ایک شہری کو اپنی ذمہ داری نبھانی ہوگی، ڈینگی کے خلاف ہر ہفتے ایک گھنٹہ ضرور نکالیں، ڈینگی کے خلاف ہر ہفتے ایک گھنٹہ ضرور نکالیں، ڈینگی کے خلاف ہر ہفتے ایک گھنٹہ ضرور نکالیں

عوامی تعاون کے بغیر انسداد ڈینگی مہم کامیابی ممکن نہیں

ڈی سی فیصل آباد

شہری ڈینگی لاروا کی افزائش کے ممکنہ ذرائع کا صفایا کرنے میں اپنا کردار ادا کریں، محکمہ صحت کی انسداد ڈینگی ٹیموں سے تعاون کیا جائے، علی عنان قمر



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) ضلعی انتظامیہ ڈینگی سے بچاؤ کے لئے بھرپور انتظامی و انسدادی اقدامات کر رہی ہے جو ہم سب کے تعاون کے بغیر انسداد ڈینگی میں کامیابی ممکن نہیں لہذا شہری ڈینگی لاروا کی افزائش کے محکمہ زراعت کا صفایا کرنے میں اپنے اپنے علاقوں کے گلی محلوں میں جا کر انسداد ڈینگی اقدامات پر عملدرآمد کا جائزہ اور شہریوں سے ملاقات کریں، یہ بات ڈپٹی کمشنر عنان قمر خلیل نے انسداد ڈینگی مہم کے سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر آفس میں ڈینگی کنٹرول ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ میونسپل کارپوریشن کے افسران کے ساتھ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کی۔ انہوں نے مختلف ٹاسک فورسز سے بھی بریفنگ لی اور ہدایت کی کہ ڈینگی کنٹرول کے حوالے سے ہر ممکن اقدامات کو یقینی بنایا جائے، افسران اپنے اپنے ڈینگی پوائنٹ پر موجود رہیں، ڈوسٹ اینڈ سپرے ٹیمز کو ہدایت کی کہ ڈینگی ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والے افراد کو بھاری جرمانے کئے جائیں، انہوں نے کہا کہ ڈینگی کے خلاف جنگ ہم سب کی ہے، ہر ایک شہری کو اپنی ذمہ داری نبھانی ہوگی، ڈینگی کے خلاف ہر ہفتے ایک گھنٹہ ضرور نکالیں، ڈینگی کے خلاف ہر ہفتے ایک گھنٹہ ضرور نکالیں، ڈینگی کے خلاف ہر ہفتے ایک گھنٹہ ضرور نکالیں

شہری ڈینگی لاروا کی افزائش کے ممکنہ ذرائع کا صفایا کرنے میں اپنا کردار ادا کریں، محکمہ صحت کی انسداد ڈینگی ٹیموں سے تعاون کیا جائے، علی عنان قمر

سیکرٹری ماحولیات پنجاب ساجد محمود چوہان کا دورہ بہاولنگر

حکومت کی جانب سے مستحقین میں مفت آٹے کی فراہمی 25 رمضان تک جاری رہے گی، گندگم

بہاولنگر (ڈسٹرکٹ رپورٹر قوت) سیکرٹری ماحولیات پنجاب ساجد محمود چوہان نے بہاولنگر کے دورہ کے موقع پر ڈی جی خان ڈویژن کے کمشنر شاہد محمود کھرل اور ڈی پی او اسد سلیم رضا کے ہمراہ ہارون آباد میں فری آٹا چوائنٹ کا دورہ کیا اور عوام الناس کو دی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے شہریوں سے فری آٹا کے حصول کے حوالے بھی استفسار کیا۔ سیکرٹری ماحولیات ساجد محمود چوہان نے اس موقع پر کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومت نے ہارون آباد کے مختلف حصوں میں عوام الناس کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کیلئے اس مقصد کیلئے حکومت پنجاب کی جانب سے مستحقین میں مفت گندم کی فراہمی 25 رمضان تک جاری رہے گی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر بہاولنگر محمد انجوم نے بتایا کہ ضلع بھر میں 84 لاکھ 9 ہزار 867 بجٹ کے حامل گھرانوں میں سے 13 لاکھ 68 ہزار گھرانوں کو مفت آٹا فراہم کیا جائے گا۔ ان گھرانوں میں سے 10 لاکھ 97 ہزار 174 آٹا بیگز تقسیم کیے جا چکے ہیں۔ اعداد ان سیکرٹری ماحولیات پنجاب نے بتایا کہ ضلع بھر میں 84 لاکھ 9 ہزار 867 رجسٹرڈ

DAILY QUWAT
اداریہ

قومی سلامتی کمیٹی کے فیصلے

وزیراعظم شہباز شریف کے زیرصدارت قومی سلامتی کمیٹی کے اکیاسویں اجلاس میں ملک کی سیاسی و عسکری قیادت کے غور وفکر کا محور پچھلے چند برسوں کے دوران معاشرے میں رونما ہونے والی تشویشناک تقسیم، تفریق، انتشار، انتہاپسندی، تشدد، الزام وتعمیم کا نقصان اور اسے سرے سے اجڑنے والی دہشت گردی کی لہر کے اسباب اور ان کے ازالے کی تدابیر تھیں۔ مذکورہ بالا عوامل قومی یکجہتی کیلئے شدید خطرہ بن چکے ہیں، کمیٹی کا یہ اجلاس کا ہرفرد براہ راست کررہا ہے اور اس صورت حال کو جلد از جلد بدلنے کی ضرورت محسوس کررہا ہے۔ جس عظیم مقاصد پر پاکستان وجود میں آیا، اس سے عہد وپیماں کیلئے بھی ضروری ہے کہ ان عظیم رحجانات کو ختم کیا جائے۔ ان مقاصد کی خاطر اجلاس میں اتفاق کیا گیا کہ سفارتی، سیاسی، معاشی اور اسی محاذ پر جو بھی کوشش کی جائے وہ مشترکہ کوشش کے ساتھ کیے گئے عزم کو تازہ کیا جائے۔ کمیٹی نے اس کا عزم بھی ظاہر کیا کہ ملک کی تمام سیاسی قوتوں کو اعتماد میں لیا جائے گا۔ کمیٹی نے دہشت گردی کے خلاف پوری انٹیلی جنس صلاحیت بروئے کار لانے کا فیصلہ کیا۔ اجلاس میں ملک کی داخلی سلامتی کی صورتحال پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پاکستان کے خلاف ففتھ جنریشن وار کے تحت سوشل میڈیا پر پھیلائے گئے منفی پروپیگنڈے کا توڑ کیا جائے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ کمیٹی نے دہشت گردی کی تازہ لہر کو کالعدم ٹی ٹی پی سمیت دہشت گرد تنظیموں کے لیے دے گئے زمزم نوٹس اور مضبوط سوچ کے بغیر بلاتفریق ہر دہشت گرد کی بیخ کنی کے لیے ٹھوس اور قابل عمل حکمت عملی کی تیاری کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ ایکشن پلان پر ازسرنو غور کرکے اسے مؤثر بنایا جائے گا۔ اجلاس میں ارکان پارلیمنٹ پر مشتمل پارلیمنٹ کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ کمیٹی نے افغانستان میں موجود مختلف دہشت گرد تنظیموں کے لیڈروں کے افغانستان میں موجود تعداد میں موجود مختلف دہشت گرد تنظیموں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ کوششوں سے حاصل کیے گئے امن و استحکام کو خطرہ ہے۔ اجلاس کے مطابق اعلیٰ سول و عسکری قیادت نے دہشت گردی سے نمٹنے کا عزم کرتے ہوئے اتفاق کیا کہ پیغام دیا جائے گا۔ کمیٹی نے اس امر پر اتفاق کیا کہ ایکشن پلان پر ازسرنو غور وخوض کرکے اسے مؤثر بنایا جائے گا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پارلیمنٹ پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے سربراہ بلاول بھٹو زرداری کی زیرصدارت پارلیمنٹ کمیٹی تشکیل دی گئی۔ اجلاس میں چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید مظفر حسین شاہ، اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف، ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری، وفاقی وزراء، چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر، نیول چیف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی، چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ سول اور عسکری اطلاعات کے بقول یہ ہے کہ یہ معاملہ اجلاس کے ایجنڈے میں شامل نہیں تھا، تاہم حکومت اور اپوزیشن کے مابین ملکی مفاد کی خاطر ہونے والی ملاقات کے نتیجے میں پارلیمنٹ کمیٹی تشکیل دی گئی۔ اس مقصد کیلئے تشکیل دی گئی کمیٹی پارلیمنٹ کی طرف سے کیے گئے وعدوں میں سے ایک تھی۔ اس کمیٹی کے پہلے اجلاس میں ہی اتحادی حکومت کے تین رکنی جج کے فیصلے کو مسترد کر چکے ہیں۔ خود عدالت کھلی کے معزز جج صاحبان نے اس معاملے پر ہونے والی سماعت میں ان کے سامنے مکمل اختیاری نوٹ کی شکل میں متظر عام پر آچکا ہے۔ انتخابات کے التوا کیلئے دائر کی گئی درخواست کی سماعت کے دوران عدالت کے سامنے یہ حقیقت آشکار ہوئی تھی۔ اب اس بات کا خیال رکھا جانا چاہئے کہ کمیٹی کی شرح بحث کم ہونے کی بجائے بہتر ہو۔ سیاسی قیادت کو ایک دوسرے کے ساتھ بات چیت کا سلسلہ جاری رکھنا چاہئے۔



قوت

SHOWBIZ

بالی وڈ اداکارہ ایشا ٹیل 'فراڈ' کے مقدمے میں پھنس گئیں

ممبئی (شوبز ڈیسک۔قوت) بالی وڈ کی معروف اداکارہ ایشا ٹیل اور ان کے بزنس پارٹنر کو مال فراڈ کے مقدمے میں پھنس گئے ہیں۔ رائے سول کورٹ میں اداکارہ اور کروڑوں کی خلاف فراڈ اور چیک باؤنس ہونے کا مقدمہ رجسٹر کیا گیا فلم پروڈیوسر اسے ڈکار کی جانب سے شکایت پر عدالت نے متعدد مرتبہ اداکارہ اور ان کے بزنس پارٹنر کو طلب کیا لیکن دونوں حاضر نہ ہوئے جبکہ مقدمے کی اگلی سماعت 15 اپریل کو کی جائے گی۔ شکایت میں درج تفصیلات کے مطابق ایشا ٹیل اور ان کے پارٹنر نے پروڈیوسر سے ڈھائی کروڑ روپے ایک فلم 'دیکی چیک' بنانے کیلئے لیے اور انہوں نے سود کے ساتھ رقم لوٹانے کی یقین دہانی کرائی۔ 'دیکی چیک' کی شوٹنگ کا آغاز 2013 میں ہوا تھا لیکن وہ 2023 تک ریلیز نہیں ہوئی، پروڈیوسر نے اداکارہ اور ان کے پارٹنر سے رقم کی واپسی کا مطالبہ کیا۔ اپنے کاروبار کو ڈوبتا دیکھ کر اداکارہ اور ان کے پارٹنر کی طرف سے رقم کے چیک دیئے گئے لیکن وہ دونوں چیک باؤنس ہوگئے۔



'میرے اور ادیتا کیلئے دیکھو لو'، مرزل ٹھاکر کی نئی فلم کا فرسٹ لک پوسٹر جاری



ممبئی (شوبز ڈیسک۔قوت) مرزل ٹھاکر کی نئی فلم 'گمراہ' 7 اپریل کو ریلیز ہوچکی ہے، انہوں نے اپنے کیریئر میں پہلی بار پولیس افسر کا کردار نبھایا ہے۔ ایک ٹوئٹر صارف نے ٹویٹ کی کہ میں پہلے ہی اس فلم کا مکمل رن ٹائم فلم 'خمرم' دیکھ چکا ہوں لہٰذا گمراہ میں دلچسپی نہیں ہے۔ اس پر مرزل ٹھاکر نے جواب دیا کہ 'میرے اور ادیتا کیلئے دیکھ لو' سرفلم میں مرزل کے ہمراہ ادیتا رائے کپور بھی ہیں، کہانی کچھ یوں ہے کہ اداکارہ کو ایک نوجوان کے قتل کا سراغ لگانا ہے۔

سینئر اداکار اور پروڈیوسر طارق جمیل انتقال کرگئے



لاہور (شوبز ڈیسک۔قوت) پاکستان ٹیلی وژن کے سنہری دور کا ایک اور باب ہمیشہ کے لیے بند ہوگیا۔ سینئر اداکار، پروڈیوسر اور تھیٹر کار طارق جمیل پراچہ قضائے الٰہی سے انتقال کرگئے۔ پاکستان ٹیلی وژن کے بطور سیٹ ڈیزائنر اپنے کیریئر کا آغاز کرنے اور پھر بہترین اداکار اور کامیاب پروڈیوسر تک سفر طے کرنے والے اپنی اعمال آپ طارق جمیل پراچہ انتقال کرگئے۔ بطور پروڈیوسر ڈرامہ آرچ سے شہرت حاصل کرنے والے طارق جمیل پراچہ کے انتقال کی خبر سوشل میڈیا پر عمران اسلم نے دی جس کے بعد اداکار و میزبان فیصل قریشی نے بھی تصدیق کی۔ طارق جمیل پراچہ نے اڑان، دل مومن، محبت چھوڑ دی، بیمار نام کا دیا اور سات پردوں جیسے سپرہٹ ٹیلی وژن ڈراموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے۔ مرحوم نے شوبز کا جو بھی شعبہ اپنایا، کامیابیاں سمیٹیں۔ سوشل میڈیا پر انتقال کی خبر سنتے ہی معروف اداکاروں اور اداکاراؤں نے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے طارق جمیل پراچہ کی مغفرت اور درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔

سلمان خان کو نئے گانے 'نینتما' پر شدید تنقید کا سامنا



ممبئی (شوبز ڈیسک۔قوت) بالی وڈ سپر اسٹار سلمان خان کو اپنی نئی فلم 'کسی کا بھائی کسی کی جان' کے نئے گانے پر شدید تنقید کا سامنا ہے۔ ساتھ ہی انٹرنیٹ کی قلعی شائقین کے مطابق فلم کے نئے گانے 'نینتما' میں روایتی لباس لنگی یا دھوتی کو غلط طریقے سے دکھایا گیا ہے۔ نامور نقاد پراشانت رانگ سوامی نے ٹویٹ میں لکھا کہ یہ دھوتی کو لنگی کہہ رہے ہیں اور اپنے ساتھ اس دھوتی کے اندر ڈال کر نامناسب حرکات کررہے ہیں۔ متعدد سوشل میڈیا صارفین نے بھی اس اعتراض کو اٹھایا ہے، ایک صارف نے لکھا کہ سب سے پہلے بالی وڈ کو لنگی اور دھوتی کے درمیان فرق سیکھنا چاہیے۔ ایک صارف کا کہنا تھا کہ ایک روایتی لباس کے ساتھ ایسی بیہودہ حرکات دیکھنا ناقابل قبول ہے۔ سوشل میڈیا کے ایک صارف نے کہا کہ بالی وڈ ٹیلنٹ کو ہیرو کی طرح پیش کرنا چاہتے ہیں اور ان کو یہی نہیں پتہ کہ ٹیلنٹ اور مداری الگ ہوتے ہیں، یہ بہت بڑی جہالت ہے۔

پریتی زنٹا ہراسانی کی شکار، سوشل میڈیا پر ماجرا بھی بیان کردیا



ممبئی (شوبز ڈیسک۔قوت) بھارتی اداکارہ پریتی زنٹا کو ہراسانی کا سامنا کرنا پڑا ہے جس کا انہوں نے اپنی سوشل میڈیا پوسٹ پر کھل کر اظہار کردیا۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنے پیغام میں پریتی زنٹا کا کہنا تھا کہ دو ایسے واقعات ہوئے جنہوں نے مجھے ہلا کر رکھ دیا۔ انہوں نے بتایا کہ ایک خاتون نے زبردستی ان کی تصاویر لیں اور ان کے فولو ورز کو یہ دیکھنے کی کوشش کی۔ پریتی کا کہنا تھا کہ میں نے اس خاتون کو منع کیا کہ وہ میری بیٹی کی تصاویر نہ لے اور چلی جائے لیکن وہ نہ مانی اور اس نے میری بیٹی جیا کو میرے ہاتھوں سے چھین کر اس کے گال پر پیار کیا اور پھر اسے واپس مجھے تھما کر چلی گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر میں سلمیر بننے ہوتی تو میں ضرور اس کا رشمل دیتی۔ اداکارہ نے ایک واقعے کا ذکر کیا اور بتایا کہ انہیں اس وقت بھی ہراسانی کا سامنا کرنا پڑا جب ایک ہوٹل جیئر پر فیٹنگ فقرے انہیں روکنے کی کوشش کی اور ان سے پیسوں کا مطالبہ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ مجھے فوری فلائٹ پکڑنی ہے لیکن ایک معذور شخص میرے سامنے آگیا اور مجھے روکنے کی کوشش کی۔ پریتی کا کہنا تھا کہ میں نے اس شخص کو کہا کہ آج میرے پاس کیش نہیں بلکہ کریڈٹ کارڈ ہے، جبکہ میرے ساتھ موجود ایک خاتون نے اپنے پرس سے اس بھکاری کو پیسے دیے لیکن وہ پیسے اس نے پھینک دیے کہ یہ کافی نہیں اور اہم پر ہی ضرر کرنے لگا۔

رام چرن اور اہلیہ اپسنا چھٹیاں گزارنے مالدیپ روانہ



ممبئی (شوبز ڈیسک۔قوت) رام چرن بھارت کے ٹیلگو فلم انڈسٹری کے بڑے اداکار ہیں، ان کو اداکارہ نیکم اپنا کامینتی کے ساتھ ایئرپورٹ پر دیکھا گیا۔دونوں چھٹیاں گزارنے کے لیے مالدیپ گئے ہیں، ان کے یہاں بچے کی ولادت بھی متوقع ہے، چند ہفتے قبل انہوں نے اپنے بچے کیلئے دعائی میں ''بے بی شاور'' کی تقریب رکھی تھی، آج کل رام چرن اپنی فلم ''گیم چینجر'' کی شوٹنگ کررہے ہیں۔

رانی مکھرجی نے سوشل میڈیا سے دور رہنے کی وجہ بتادی



ممبئی (شوبز ڈیسک۔قوت) بالی وڈ کی معروف اداکارہ رانی مکھرجی کا شمار ان فنکاروں میں ہوتا ہے جن کی سوشل میڈیا پر غیر موجودگی کو ہمارے شدت سے محسوس کرتے ہیں۔ رانی مکھرجی نے اپنے ایک حالیہ انٹرویو میں کہا ہے کہ سوشل میڈیا کسی بھی فرد سے بہت زیادہ وقت مانگتا ہے اور پھر اسے روزانہ کی بنیاد پر برقرار رکھنے کا کہتا ہے جس کام کے بارے میں مجھے پتہ ہے کہ میں یہ کام نہیں کرسکتی تو میں اس کام کو کرنے میں اپنے ہاتھ کیوں جلاؤں؟ انہوں نے ذاتی اور پیشہ وارانہ زندگی کو الگ الگ رکھنے کے بارے میں بات کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ میں اور میرے شوہر آدیتہ چوپڑا ذاتی آدیتہ چوپڑا کے سامنے فلموں پر بات نہیں کرتے۔ کام کے حوالے سے بات کریں تو رانی مکھرجی کو ان کی ریلیز ہونے والی فلم 'مسز چٹرجی در سزا روے' میں شاندار اداکاری کی وجہ سے دنیا بھر سے پذیرائی مل رہی ہے۔

اداکارہ مائرہ خان نے شعمون عباسی سے اپنے تعلقات کے بارے میں بتادیا

لاہور (شوبز ڈیسک۔قوت) شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ و ماڈل مائرہ خان نے اداکار شعمون عباسی کے ساتھ اپنے فرضی تعلقات کے بارے میں بات کی ہے۔یوٹیوب چینل پر گفتگو کرتے ہوئے ہم عمر پاکستان ٹیلی وژن اداکاری (پی ٹی وی) سے اداکاری کے جوہر دکھانے والی مائرہ خان نے انکشاف کیا ہے کہ شعمون عباسی کے ساتھ کی پرفارمنس پر ایک ساتھ کام کیا ہے جس میں قابل داد شامل ہیں جبکہ مزید اور پرفارمنس آنا باقی ہیں۔انہوں نے کہا کہ شعمون ہماری فیملی کا حصہ ہیں اور میرے بڑے بھائی کی طرح ہیں۔ اگر میں مشکل میں ہوں تو فون کرتی ہوں اور وہ میرے لیے ہاتھ نکالتے ہیں، مجھے ان کے ساتھ کام کرنا اچھا لگتا ہے کیونکہ ہماری ایک بہترین کیمسٹری دیکھنے کو ملتی ہے۔ مائرہ نے کہا کہ اگر آپ ہمارے کرداروں کو قابل اور داد میں دیکھیں تو میرے دونوں کردار شعمون کے بغل بچے ہیں لیکن اسکرین پر ہم گولوں کو بہترین کیمسٹری دیتے ہیں، شاید اسی لیے ایک ساتھ کاسٹ کیے جاتے ہیں۔



رانی مکھرجی نے سوشل میڈیا سے دور رہنے کی وجہ بتادی

ممبئی (شوبز ڈیسک۔قوت) رانی مکھرجی نے سوشل میڈیا سے دور رہنے کی وجہ بتادی

ممبئی (شوبز ڈیسک۔قوت) بالی وڈ کی معروف اداکارہ رانی مکھرجی کا شمار ان فنکاروں میں ہوتا ہے جن کی سوشل میڈیا پر غیر موجودگی کو ہمارے شدت سے محسوس کرتے ہیں۔ رانی مکھرجی نے اپنے ایک حالیہ انٹرویو میں کہا ہے کہ سوشل میڈیا کسی بھی فرد سے بہت زیادہ وقت مانگتا ہے اور پھر اسے روزانہ کی بنیاد پر برقرار رکھنے کا کہتا ہے جس کام کے بارے میں مجھے پتہ ہے کہ میں یہ کام نہیں کرسکتی تو میں اس کام کو کرنے میں اپنے ہاتھ کیوں جلاؤں؟ انہوں نے ذاتی اور پیشہ وارانہ زندگی کو الگ الگ رکھنے کے بارے میں بات کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ میں اور میرے شوہر آدیتہ چوپڑا ذاتی آدیتہ چوپڑا کے سامنے فلموں پر بات نہیں کرتے۔ کام کے حوالے سے بات کریں تو رانی مکھرجی کو ان کی ریلیز ہونے والی فلم 'مسز چٹرجی در سزا روے' میں شاندار اداکاری کی وجہ سے دنیا بھر سے پذیرائی مل رہی ہے۔

پلیئرز کی ملک پر پی ایس ایل کو ترجیح، انگلش بورڈ پریشان



لاہور (سپورٹس ڈیسک۔قوت) پلیئرز کی ملک پر پی ایل ایل کو ترجیح، انگلش بورڈ پریشان ہوگیا، رواں برس مارچ میں انگلینڈ کے کچھ کرکٹرز نے بگ ڈیٹل کا اعلان کرکے کیریئر کو خیرباد کہہ دیا تھا، انہوں نے اس کے بجائے پاکستان سپر لیگ کو ترجیح دی، اگرچہ پلیئرز بورڈ کے ساتھ کنٹریکٹ میں نہیں تھے تاہم اس بات نے آئی سی سی کو پریشان اور آنے والے خطرے سے باخبر کردیا۔ بورڈ ذرائع نے بتایا ہے کہ تیزی سے سامنے آنے والی لیگز نے انگلینڈ کو بھی بند بندی پر مجبور کردیا ہے، حکام نے پلیئرز کی ایس ایل اور پی ایس ایل کو ترجیح دینے پر تشویش ظاہر کی ہے۔ انگلینڈ کے کچھ کرکٹرز نے بگ ڈیٹل کا اعلان کیا تھا لیکن وہ 2023 تک ریلیز نہیں ہوئی، پروڈیوسر نے اداکارہ اور ان کے پارٹنر سے رقم کی واپسی کا مطالبہ کیا، اپنے کاروبار کو ڈوبتا دیکھ کر اداکارہ اور ان کے پارٹنر کی طرف سے رقم کے چیک دیئے گئے لیکن وہ دونوں چیک باؤنس ہوگئے۔

ورلڈ کپ 2023 کیلئے ہمارے ذہن میں 30 کھلاڑیوں کے نام ہیں، چیف سلیکٹر



لاہور (سپورٹس ڈیسک۔قوت) قومی کرکٹ ٹیم کے چیف سلیکٹر یاسر حمید نے انکشاف کیا ہے کہ بھارت میں شیڈول ورلڈ کپ 2023 کیلئے ہمارے ذہن میں 30 کھلاڑیوں کے نام ہیں، چیف سلیکٹر یاسر حمید نے مزید کہا کہ ہم نے ہر پوزیشن کیلئے 3 پلیئرز کے علاوہ ایشیا کپ کے اہم مقابلے بھی ہمیں اپنی ورلڈ کپ 2023 کی ٹیم بنانے میں مدد دیں گے، ہمارے پاس اب تجربات کا وقت نہیں آسٹریلیا کے خلاف 3 میچز کے اہم ون ڈے انٹرنیشنل سیریز میں ہمیں اپنی مضبوط بیٹنگ لائن کھلانا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ورلڈ کپ کیلئے ہمارے ذہن میں 30 کھلاڑی ہیں اور ہم آئیں مسلسل ہم کے ساتھ منسلک رکھنے کا سوچ رہے ہیں، ہم متحد کرنے کیلئے بابر اعظم سے مشاورت کی ہے تاہم حتمی اعلان کیلئے ہم مشاورت کو مزید وقت دینا چاہتے ہیں، انہوں نے کہا کہ 50 اوورز ایسے میں ایک کھلاڑی کو انجری ہوجائے تو متبادل کے طور پر کس کو بلانا ہے اس کا بھی فیصلہ کرنا ہوگا۔ واضح رہے کہ پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے آٹھویں ایڈیشن میں شاہین آفریدی نے اپنی چاجانہ بیٹنگ سے توجہ اپنی طرف مبذول کروائی تھی، انہوں نے 8 اننگز میں 168.35 کے شاندار اسٹرائیک ریٹ پر 133 رنز بنائے تھے۔

شاہین نے بالنگ کے بعد بیٹنگ پر توجہ مرکوز کرلی



لاہور (سپورٹس ڈیسک۔قوت) قومی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی کا کہنا ہے کہ پاکستان کی فتوحات میں حصہ ڈالنے کی بیٹنگ پر توجہ رہے ہوں۔ نیوزی لینڈ کے خلاف پرسٹیج سیشن کے دوران پی ٹی وی کی جانب سے جاری کی گئی ویڈیو شیئرنگ کی گئی جس میں شاہین شاہ آفریدی بیٹنگ کرتے دکھائی دے رہے ہیں۔ شاہین آفریدی نے کہا کہ انٹرنیشنل بھی بہتر پرفارمنس دینا چاہتا تھا لیکن سب سے پہلے ٹیم کی ضرورت ہوتی ہے، ٹیم کو جس کردار کی ضرورت ہوتی ہے اس کو پورا کرنا ہوتا ہے، شاہین آفریدی نے کہا کہ انٹرنیشنل بھی بہتر پرفارمنس دینا چاہتا تھا لیکن سب سے پہلے ٹیم کی ضرورت ہوتی ہے، ٹیم کو جس کردار کی ضرورت ہوتی ہے اس کو پورا کرنا ہوتا ہے، شاہین آفریدی نے کہا کہ انٹرنیشنل بھی بہتر پرفارمنس دینا چاہتا تھا لیکن سب سے پہلے ٹیم کی ضرورت ہوتی ہے، ٹیم کو جس کردار کی ضرورت ہوتی ہے اس کو پورا کرنا ہوتا ہے۔

SPORTS

پاک نیوزی لینڈ سیریز؛ امپائرنگ پینل کا اعلان ہوگیا



لاہور (سپورٹس ڈیسک۔قوت) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے نیوزی لینڈ کے خلاف ون ڈے اور ٹی 20 سیریز کیلئے امپائرنگ پینل کا اعلان کردیا۔ پی سی بی کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ سابق ٹیسٹ کرکٹر علی نقوی اور کرس براڈ پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان 14 اپریل سے 7 مئی تک 20 انٹرنیشنل اور ون ڈے انٹرنیشنل سیریز میں میچ ریفریز ہوں گے۔ علی نقوی اور براڈ ریلوے ٹی 20 میچز میں میچ ریفری ہوں گے جس میں احسن رضا، علیم ڈار، آصف یعقوب، فیصل آفریدی اور راشد ریاض میدان میں امپائرنگ کے فرائض انجام دیں گے۔ آئی سی سی ایلیٹ پینل آف میچ ریفری کے رکن کرس براڈ 14 سال میں پہلی بار راولپنڈی اور کراچی میں کھیلے جانے والے پانچ ون ڈے میچوں کی امپائرنگ کیلئے پاکستان آئیں گے۔ پانچ ون ڈے انٹرنیشنل میچز کیلئے احسن رضا، علیم ڈار، آصف یعقوب، فیصل آفریدی، لیگیشن رمضر، جیکل ڈسن، راشد ریاض آن فیلڈ امپائرنگ کے فرائض سرانجام دیں گے۔

امریکی سائیکلنگ چیمپئن 'اتھن بائیٹر' ٹریفک حادثے میں ہلاک



لاہور (سپورٹس ڈیسک۔قوت) ورلڈ ریکارڈ بنانے والے امریکا کے سائیکلسٹ اور 10 مرتبہ کے نیشنل چیمپئن 'اتھن بائیٹر' ٹریفک حادثے میں ہلاک ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق 44 سالہ 'اتھن بائیٹر' امریکا کے شہر سان فرانسسکو میں سائیکل چلاتے ہوئے گاڑی ٹکر ماری جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہوگئے۔ رپورٹس کے مطابق حادثے کے فوری بعد انہیں اسپتال منتقل کیا گیا جہاں علاج کے دوران وہ چل بسے۔ متاہی پولیس کے مطابق حادثے کی تحقیقات کی جا رہی ہیں۔ 'اتھن بائیٹر' کی موت پر ٹوئیس کا اظہار کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کر رہے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق 'اتھن بائیٹر' نے 35 سے 39 سال عمر کی کیٹگری میں 1000 میٹر ٹائم ٹرائل میں ورلڈ ریکارڈ اپنے نام کیا تھا۔

پی سی بی نے اظہر محمود کو عبوری کوچ بنانے کا فیصلہ بدل لیا



لاہور (سپورٹس ڈیسک۔قوت) پی سی بی نے اظہر محمود کو عبوری کوچ بنانے کا فیصلہ بدل لیا۔ ایک انٹرویو میں اظہر محمود نے کہا میری جانب سے پاکستان ٹیم کی کوچنگ سے انکار کے جانے کی اطلاعات میں مکمل ایسا نہیں تھا، اپنی کاؤنٹی مصروفیات کی وجہ سے میں نے صرف افغانستان سے سیریز کیلئے حامی بھری تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ حقیقت یہ تھی کہ بورڈ مجھے افغانستان اور نیوزی لینڈ سیریز کیلئے ہیڈ کوچ بنانا چاہتا تھا، جواب میں میرا کہنا تھا کہ سرے کاؤنٹی کے ساتھ، اور ٹیلی فونک اطلاعات میں کہہ چکا ہوں، اس کے ساتھ ہمارے پاس کوئی چارہ نہیں ہے، اب ہمیں صرف یہ سوچنا ہے کہ اضافی رقم کہاں سے آئے گی اور اس کا بندوبست کرنا ہے۔

یوسف، بابر کو مزید ریکارڈز توڑتے دیکھنے کے خواہاں



لاہور (سپورٹس ڈیسک۔قوت) محمد یوسف، بابر اعظم کو مزید ریکارڈز توڑتے دیکھنے کے خواہاں ہیں۔ پاکستان کرکٹ کی سب سے بڑی ویب سائٹ سے گفتگو کرتے ہوئے ساتھی کپتان محمد یوسف نے کہا کہ بابر اعظم موجودہ میرے بلکہ دنیا کے کرکٹ کے تمام ریکارڈز اپنے نام کرسکتے ہیں، زبردست فارم اور استقامت کی وجہ سے انھوں نے بہت جلد اپنا مقام بنالیا۔ انہوں نے کہا کہ بابر کو کھیلتا دیکھ کر بہت خوشی ہوتی ہے کہ پاکستان کے پاس ایک ورلڈ کلاس بیٹر موجود ہے، جب وہ میرے قدموں پر کھڑا تھا تو میں نے مجھے بہت اچھا لگا تھا، میں نے بابر کے ساتھ کام کرتے ہوئے اپنے تجربات بھی شیئر کیے، ان میں کامیابی کے گر، ذہنی طور پر مضبوط رہنا اور کھیل کے ساتھ ساتھ اپنی فٹنس پر توجہ دینا شامل ہیں۔ محمد یوسف نے کہا کہ بابر اعظم کو ہر فارمیٹ میں اپنی ٹیم کی کپتانی کرتے دیکھنا چاہتا ہوں۔

بابر اعظم اور عماد وسیم ایک دوسرے کے آمنے سامنے آگئے



لاہور (سپورٹس ڈیسک۔قوت) نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز سے قبل پریکٹس سیشن کے دوران کپتان بابر اعظم اور عماد وسیم ایک دوسرے کے آمنے سامنے آگئے۔ ہوا کچھ یوں کہ آل راؤنڈر عماد وسیم اور کپتان بابر اعظم جمعہ کو تربیتی کیمپ کے دوران قذافی اسٹیڈیم میں نیٹ میں ایک دوسرے کے آمنے سامنے نظر آئے، جس میں دونوں کھلاڑیوں کے درمیان تعلقات خوشگوار نظر آئے۔ اس سے قبل نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز کیلئے پاکستان کے اسکواڈ میں شامل نہ کیے جانے پر سینئر کرکٹر کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا تھا کہ اگر انہیں بغیر کسی وجہ قومی ٹیم سے ڈراپ کیا گیا تو خاموش نہیں بیٹھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایک سال سے زائد عرصہ مجھے قومی ٹیم سے باہر رکھا گیا، میرے پوچھنے پر بھی کوئی وجہ نہیں بتائی گئی لیکن میں دوبارہ اپنا بہترین ہونے دوں گا۔

لاہور (سپورٹس ڈیسک۔قوت) نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز کیلئے پاکستان کے اسکواڈ میں شامل عماد وسیم نے 20 کھلاڑیوں کے درمیان کشیدہ تعلقات کی خبریں مسترد کرتے ہوئے کہا تھا کہ ہم ایک دوسرے کے آمنے سامنے آئے۔ بابر اعظم نے کہا تھا کہ ہم ایک دوسرے کے ساتھ بہت اچھے تعلقات رکھتے ہیں، ہم ایک دوسرے کے آمنے سامنے آئے۔ بابر اعظم نے کہا تھا کہ ہم ایک دوسرے کے ساتھ بہت اچھے تعلقات رکھتے ہیں، ہم ایک دوسرے کے آمنے سامنے آئے۔



فیصل آباد: چوتھی 6 سالہ بگ میچ میزبان ٹیم کے 11 سینئرز میں 140 سے لگا کر ریکارڈ بنانے پر پاوری ایمرج جونرز، عثمان اول اسد کوچ ذیشر شہباز ہونگ، بہترین کارکردگی ایوارڈ سے نوازے گئے۔

روزنامہ قوت لاہور
صنعت وتجارت نیوز
معیشت نامہ

فصلوں کی بیماریوں کی تشخیص وکنٹرول سے فوڈ سکیورٹی کے حصول کو یقینی بنا رہے ہیں، واصف خورشید

پلانٹ کلینکس کے قیام سے کاشتکاروں کو فصلوں کی بیماریوں کی تشخیص میں آسانی، ملکی فوڈ سیکیورٹی کے حصول میں مدد ملے گی، سیکرٹری زراعت

فیصل آباد (کامرس رپورٹر قوت) سیکرٹری زراعت پنجاب واصف خورشید نے کہا ہے کہ پاکستان ایسا چھ ممالک میں شامل ہے جو پلانٹ ڈاکٹر پلس پروگرام کے تحت فصلوں کی بیماریوں کی تشخیص و کنٹرول سے فوڈ سیکیورٹی کے حصول کو یقینی بنا رہے ہیں محکمہ زراعت پنجاب اور سینٹر فار انٹرنیشنل ایگریکلچر اینڈ بائیو سائنسز انٹرنیشنل (کیبی) کے مابین فوڈ سیکیورٹی کو بہتر بنانے کے لئے پلانٹ ڈاکٹر پلس پروگرام کے تحت ضلع فیصل آباد میں پلانٹ کلینکس کے قیام عمل میں لایا جائے گا جس سے کاشتکاروں کو فصلوں کی بیماریوں کی تشخیص میں آسانی ہوگی اور ملکی فوڈ سیکیورٹی کے حصول میں مدد ملے گی صوبہ پنجاب میں 2012ء سے اب تک محکمہ زراعت 700 پلانٹ کلینکس کے ساتھ پلانٹ ڈاکٹر پروگرام چلا رہا ہے لیکن بڑھتی ہوئی آبادی کی غذائی ضروریات پوری کرنے کے لئے موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات، نقصان دہ کیڑوں اور بیماریوں کے تیزی سے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے مؤثر اقدامات کئے جائیں تاکہ فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کیا جاسکے۔ اس موقع پر اس پروگرام کے تحت پلانٹ کلینکس کو شعبۂ زراعت نے ترقی دیکر جدید فصلوں کو تشخیص کے لئے جاری پلانٹ کلینکس پر اگلے درجے کا کلینک یعنی پلانٹ ڈاکٹر کلینک بنا دیا ہے جس کے ذریعے کاشتکاروں کو فصلوں کی بیماریوں کی تشخیص کے علاوہ مٹی اور پانی کے ٹیسٹ کی سہولت بھی میسر ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلعی امن کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حنا جاوید، اسسٹنٹ کمشنر اکاؤنٹ غلام مصطفیٰ بھٹہ، اسسٹنٹ کمشنر سٹی ریاض احمد خان، اسسٹنٹ کمشنر سٹی ریاض پیرپلو، رانا ذوالفقار احمد خان، ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر عبدالرحمان، ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر لائیو سٹاک ڈاکٹر محمد ارشد، ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (سیکنڈری) ڈاکٹر محمد ارشد، ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (ایلیمنٹ

''قوت'' کلاسیفائیڈ
روزنامہ قوت لاہور
ڈیوائن ویژن پبلی کیشنز

امام امتیازات نسلی تعیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی امتیاز کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003
(صرف میسجز)

تعیہ 1 — تعیہ جات

صدارت اکوارٹر پچھلے دو ہفتے کے روز وقائی کابینہ کا اہم ترین اجلاس منعقد ہوا جس میں ملک کی موجودہ سیاسی اور معاشی صورتحال پر غور کیا گیا۔ وزیراعظم نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس کی صدارت کی، بریفنگ میں بتایا گیا کہ اجلاس کو ذریعے اجلاس میں شریک دیگر وفاقی وزراء ریاض پیرزادہ، سائید طوری، وزیراعظم کے مشیر امیر مقام، وزیر پاسٹک مولانا عبدالواسع، وزیر مملکت ہاشم نوتیزی، وفاقی وزیر ہاؤسنگ اور ترقی ×× ایازصادق، خواجہ سعد رفیق سمیت کابینہ کے چند ارکان نے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس 2 گھنٹے 30 منٹ جاری رہا۔ زرائع کے مطابق کابینہ اجلاس میں ملکی معاشی صورتحال پر بھی غور کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پاکستان کی آبادی 2 ارب 40 کروڑ ہو چکی ہے جس کی وجہ سے ملک کو موجودہ مسائل کا سامنا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پاکستان کی آبادی میں اضافہ کی شرح 2.4 فیصد ہے جو کہ دنیا میں سب سے زیادہ ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پاکستان کی آبادی 2050 تک 40 کروڑ ہو جائے گی

قرآن و سنت سے دوری ہی ملک و قوم کے مسائل کی اصل وجہ ہے

ضیاء الدین انصاری

انتخابات میں ترازو کی جیت ملک میں قرآن و سنت کے نظام کے نفاذ، عدل و انصاف کی ضمانت ہوگی، امیر جماعت اسلامی کا شب داری کی تقریب سے خطاب

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ تعلیمی دین کی جدوجہد ہر مسلمان پر فرض اور قرض ہے۔ اللہ تعالیٰ دین کی سربلندی کیلئے جدوجہد کرنے والے افراد کو اپنا محبوب دوست رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی محبت کا تقاضا یہ ہے کہ ہم ہر لمحہ ہر سانس پر غرض اور قرض سے انسانیت دنیا اور آخرت کی کامیابی حاصل کرے۔ ظلم، ناانصافی، بگاڑ، تکبر اور انسانی دشمنی کے رویوں سے انسانیت آزادی حاصل کرے۔ آج ہم مسلمانوں کے سامنے انبیاء علیہم السلام کی زندگی کے مقاصد و متعلقات ہیں۔ اس حوالے سے امت مسلمہ بہت بھی غفلت کا شکار ہے۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ رمضان المبارک نیکوں کا موسم بہار اور گناہوں سے بچنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ ماہ صیام کے شب و روز انتہائی بابرکت اور اہل ایمان (باقی صفحہ 7 نمبر 3)



لاہور: امیر جماعت اسلامی ضیاء الدین انصاری شب داری دھری کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

میاں بیوی کا جھگڑا، باپ نے جواں سالہ بیٹے کو قتل کر دیا

والدہ کا الزام، فرانزک ٹیم نے خون کے سیمپل لیکر رپورٹ کیلئے بھجوا دیئے

میاں چنوں (چوہدری اشفتہار خان) میاں بیوی کا جھگڑا باپ نے جواں سال بیٹے کو قتل کر دیا، والدہ کا الزام، فرانزک ٹیم نے خون کے سیمپل لیکر رپورٹ کیلئے بھجوا دیئے تفصیلات کے مطابق میاں چنوں کے نواحی گاؤں 110 پندرہ ایل کے رہائشی خاتون ثوبیہ بی بی نے الزام عائد کیا کہ اُنکے شوہر کے بھائی محمد اشفاد شاہد اور بھابھی نگہت پروین نے خون کے سیمپل لیکر رپورٹ کیلئے بھجوا دیئے تفصیلات کے مطابق یکم جولائی کو سی سی، 11.03.2023 کو متاثرہ کا بیٹا جواں سالہ 17 سالہ ثاقب (باقی صفحہ 7 نمبر 6)

بیسا کھی تہوار بھارت سے 2800 سکھ یاتری پاکستان پہنچ گئے

لاہور (سٹاف رپورٹر) بھارت سے بیساکھی میلے میں شرکت کے لئے 2800 سے زائد سکھ یاتری واہگہ بارڈر سے لاہور پہنچ گئے۔ بھارت سے آئے سکھ یاتری 14 اپریل کو گوردوارہ پنجہ صاحب (باقی صفحہ 7 نمبر 4)

پی ٹی آئی والے معیشت بارے غلط پراپیگنڈہ کر رہے ہیں، اظہر بلال کیانی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ/ قوت) وزیر اعظم کے کوآرڈینٹر برائے معیشت و توانائی بلال کیانی نے کہا ہے پی ٹی آئی والے معیشت کے بارے میں غلط پراپیگنڈہ کر رہے ہیں۔ عوام پی ٹی آئی دور کے جھوٹے وعدوں کو نہیں بھولے۔ عوام نے تحریری پیچ، انٹرویو اور (باقی صفحہ 7 نمبر 7)

ایل اوسی کے قریبی علاقوں میں پاک فوج کا ہنر مند ٹریننگ پروگرام جاری

مقامی لوگوں کی طرف سے اس اقدام کی بھرپور پذیرائی اور پاک فوج سے اظہار تشکر

راولپنڈی (بیورو رپورٹ/ قوت) پاک آرمی کا ائس آف کنٹرول کے قریبی علاقوں میں نوجوانوں کی فلاح و بہبود کے لئے ہنر مند ٹریننگ پروگرام جاری ہے۔ پاکستان آرمی کے توسط سے آف کنٹرول کے قریبی علاقوں میں نوجوانوں کی ہنرمندی کیلئے دو ماہ پر مشتمل خصوصی پروگرام کامیابی سے جاری ہے جس پر مقامی لوگوں کی طرف سے اس اقدام کی بھرپور پذیرائی اور پاک فوج کا شکریہ ادا کیا گیا ہے۔ کیڈٹ کے اختتام پر تحریری پیپر، انٹرویو اور (باقی صفحہ 7 نمبر 7)

مسجد اقصیٰ کی بے حرمتی کی مذمت کرتے ہیں، ارباب فاروق

رمضان المبارک میں عبادات میں مصروف نمازیوں پر تشدد کی مذمت کرتے ہیں

پشاور (انکیشیاں/ قوت) جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی رہنماء و سابق اسمبلی ممبر صوبائی اسمبلی ارباب فاروق جان نے اسرائیلی فورسز کی جانب سے مسجد اقصیٰ میں نمازیوں پر بہیمانہ تشدد فوسنگ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں عبادات میں مصروف نمازیوں پر تشدد کرنے کی بھی مذمت کی جائے گی ہے۔ انہوں نے ایک اخباری بیان میں کہا ہے کہ اسرائیلی فورسز کی جانب سے مسجد اقصیٰ میں نمازیوں پر بہیمانہ تشدد مظلوم فلسطینیوں پر تشدد کرنے کے واقعات پر اقوام متحدہ او آئی سی اور انسانی حقوق کی تنظیمیں فوری طور پر نوٹس (باقی صفحہ 7 نمبر 8)

تارکین وطن کی کشتیاں ڈوبنے سے 23 افراد لاپتہ

مارچ سے ابتک کے واقعات میں 100 افراد ہلاک اور لاپتہ ہیں، رپورٹ

جنیوا (نامہ نگار/ قوت) جنیوا میں یورپ جانے والے بدنصیب پناہ گزینوں کی کوشش ڈوبنے کے نتیجے میں 23 تارکین وطن کی کشتیاں ڈوبنے کے نتیجے میں 23 افراد لاپتا ہو گئے۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق جنیوا کے ساحل پر گزشتہ دو دنوں میں تارکین وطن کی کشتی ڈوبنے کے 2 واقعات پیش آئے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کشتی ڈوبنے کے پہلا واقعہ جمعرات کے روز پیش آیا، جہاں یورپ جانے والے تارکین وطن کی کشتیاں ڈوبنے کے نتیجے میں 23 افراد لاپتا ہو گئے۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق جنیوا کے ساحل پر گزشتہ دو دنوں میں تارکین وطن کی کشتی ڈوبنے کے 2 واقعات پیش آئے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کشتی ڈوبنے کا دوسرا واقعہ ہفتہ کے روز پیش آیا، جہاں یورپ جانے والے تارکین وطن کی کشتی ڈوبنے کے نتیجے میں 37 افراد لاپتا ہو گئے۔ ریسکیو ٹیموں کی جانب سے کشتی ڈوبنے کے بعد سے اب تک 37 افراد کو بچا لیا جبکہ 20 افراد لاپتا ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دوسری کشتی ڈوبنے (باقی صفحہ 7 نمبر 9)

دیپالپور: اے سی ڈی کی ڈینگی وائرس بارے آگاہی مہم کے بند کمرے میں اجلاس

دیپالپور (تفصیل رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور کی ڈینگی وائرس بارے آگاہی مہم کے اجلاس بند کمروں اور فوٹو سیشن تک محدود شہر بھر میں صفائی ستھرائی کی عملی کارکردگی نہ ہونے کے برابر ہے۔ ڈینگی کے خلاف مہم کے لئے آئے ہوئے پانی کے جوہڑ ڈینگی کے پھیلاؤ کا سبب بن سکتے ہے تفصیل (باقی صفحہ 7 نمبر 10)

تھانہ کھنہ پولیس ٹیم کی کارروائی میں موبئی چور گروہ کے اہم رکن گرفتار

ملزم کا دوران تفتیش مختلف علاقوں سے موبئی چوری کرکے فروخت کرنیکا انکشاف

پشاور (انکیشیاں/ قوت) تھانہ کھنہ پولیس ٹیم نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے موبئی چور گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزم نے قبضے کرنے کا انکشاف کیا ہے۔ مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر اور چوری کی وارداتوں میں استعمال ہونے والی گاڑی برآمد ہوئی گرفتار ملزم کے خلاف مقدمہ درج

وفاقی وزیر پروفیسر احسن اقبال، سابق ایم پی اے خواجہ وسیم کی بدولمبی آمد

محمد رستم میوکی اہلیہ اور محمد مدثر میوکی والدہ کی وفات پر ان سے اظہار تعزیت کی

بدولمبی (نامہ نگار) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی پروفیسر احسن اقبال اور سابق ایم پی اے خواجہ محمد وسیم بدولمبی کے نواحی گاؤں نارنگ چانڈ میں محمد رستم میوکی اہلیہ کی وفات پر اظہار تعزیت کرنے کے لئے آئے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی پروفیسر احسن اقبال اور سابق ایم پی اے خواجہ محمد وسیم بدر نارنگ چانڈ کے رہائشی محمد رستم میوکی رہائش گاہ پر آئے اس دوران انہوں نے محمد رستم میوکی اہلیہ اور محمد مدثر میوکی والدہ کی وفات پر ان سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحومہ کے لئے دعائے مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبر و جمیل کی خصوصی دعا کی۔ اس موقع پر بڑی تعداد میں سیاسی و سماجی شخصیات نے بھی شرکت کی۔ چوہدری اسداللہ ارائیں نے بھی تعزیت کی۔ (باقی صفحہ 7 نمبر 27)

چوہدری مامون جعفر نے پی ٹی آئی کا ٹکٹ لینے سے انکار

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) بریک دار گروپ کے راستہ کا ایک کانٹا خود ہی صاف ہو گیا۔ سابق ممبر صوبائی اسمبلی PP69 چوہدری مامون جعفر نے پی ٹی آئی کا ٹکٹ لینے سے انکار، برف دارہ سے صلاح لینے کر سکتا آزاد حیثیت سے انتخابات سے حصہ لوں گا۔ چوہدری اسداللہ ارائیں ٹکٹ کیلئے پارٹی صدر سابق ممبر صوبائی اسمبلی پی پی 69 چیئرمین ضلع چوہدری مامون (باقی صفحہ 7 نمبر 26)

چوری کی بکیٹی کی متعدد وارداتوں میں شہری نقدی قیمتی اشیاء محروم

گیرج پورہ میں ڈاکوؤں نے پلس کانسٹیبل جاوید، دوست آفتاب سے موٹر سائیکل، 1 لاکھ 17 ہزار روپے اور موبائل فون زخمی لے

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں پولیس اہلکار سمیت درجنوں شہری وارداتوں میں لاکھوں روپے کی نقدی، موبائل فون اور دیگر قیمتی اشیا سے محروم ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق گیرج پورہ کے علاقے میں ڈاکوؤں نے پلس کانسٹیبل محمد جاوید اور اس کے دوست آفتاب سے اسلحے کے زور پر موٹر سائیکل، 1 لاکھ 17 ہزار روپے اور موبائل فون چھین لیے۔ ملزمان نے جاتے جاتے 5 گلبرگ کے علاقے میں موبائل فون چھیننے کی واردات میں ملوث ہونے کا اعتراف کر لیا۔ (باقی صفحہ 7 نمبر 25)

ملک کو درپیش گھمبیر چیلنجز سے نمٹنے کیلئے سیاسی استحکام ناگزیر ہے، اشرف بھٹی

آئی ایم ایف کے شیخچے سے نکلنے کی ٹھوس حکمت عملی ہمارا مقدر رہی ہے، گورنر کی صدر

لاہور (سٹاف رپورٹر/ قوت) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش گھمبیر چیلنجز سے نمٹنے کیلئے سیاسی استحکام ناگزیر ہے، تمام سیاسی جماعتیں اور اسٹیبلشمنٹ کو اکٹھے ہونا پڑے گا، ہمیں ماضی کی غلطیوں کو نہیں دہرانا چاہیے، ہمارا مقدر رہا ہے کہ آئی ایم ایف کے شیخے میں رہے ہیں مگر موجودہ حالات ہمارا مقدر رہی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف سے چھ ارب ڈالر کی قسط کا ملنا خوش آئند ہے، ڈالر کی قدر میں استحکام آنا چاہیے، ڈالر کی قدر میں استحکام سے مہنگائی کم ہوگی، ہمیں برآمدات بڑھانے کیلئے ٹھوس اقدامات کرنے ہوں گے، ہمیں ٹیکسٹائل کی برآمدات کو بڑھانے کیلئے